Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعرات، 18 اگست 2022ء، 19 محرم الحرام 1444ھ، 3 بھادوں 2079 بم، قیمت 20 روپے | شمارہ 114

پچھلے سال 5200 ارب کا خسارہ کیا، اس سال 4000 ارب روپے کا بجٹ خسارہ متوقع ہے' وزیر خزانہ

ہمیں برآمدات میں اضافہ کرنا ہوگا

مفتاح اسماعیل

ملکی معیشت بہتر بنانے کیلئے آمدن اور اخراجات میں توازن پیدا کرنا ہوگا' درآمدات پر انحصار کم کرنا ہوگا' گذشتہ حکومت نے قرضے لیکر پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے خرچ نہیں کیے

پاکستان اس وقت وہاں نہیں جہاں قائداعظم اور ہمارے آباؤاجداد نے سوچا تھا، ہم میں صلاحیت بہت ہے لیکن اتنی ترقی نہیں کرسکے جو کرنی چاہیے تھی بہت سے ملک ہم سے آگے نکل گئے ہیں، ہمیں اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ ملکی معیشت بہتر بنانے کیلئے آمدن اور اخراجات میں توازن، درآمدات پر انحصار کم کرکے برآمدات میں اضافہ کرنا ہوگا، بجٹ خسارہ 5200 ارب روپے سکیم کر کے 4000 ارب روپے تک لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ملکی معیشت بہتر بنانے کیلئے آمدن اور اخراجات میں توازن پیدا کرنا ہوگا۔ درآمدات پر انحصار کم کرکے برآمدات میں اضافہ کرنا ہوگا۔ گذشتہ حکومت نے قرضے لے کر پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے خرچ نہیں کیے۔ پاکستان اس وقت وہاں نہیں جہاں قائداعظم اور ہمارے آباؤاجداد نے سوچا تھا، ہم میں صلاحیت بہت ہے لیکن اتنی ترقی نہیں کرسکے جو کرنی چاہیے تھی بہت سے ملک (بقیہ نمبر 4)

شہباز گل مزید 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر اسلام آباد پولیس کے حوالے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے رہنما پاکستان تحریک انصاف شہباز گل کے مزید 2 روزہ جسمانی ریمانڈ کی نظر ثانی درخواست منظور کر لی ہے۔ ایڈیشنل سیشن جج زیبا چوہدری نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے پولیس (بقیہ نمبر 55)

ماضی کو چھوڑ کر آگے بڑھنا ہوگا' قمر زمان کائرہ

سیاست دانوں کی لڑائیوں میں ملک کا نقصان ہوتا ہے' مرکزی رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزیر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ ماضی کو چھوڑ کر آگے بڑھنا ہوگا، سیاست دانوں کی لڑائیوں میں ملک کا نقصان ہوتا ہے۔ آل پارٹیز استحکام معیشت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 1)

گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے مزید 5 مریض انتقال کر گئے

24 گھنٹوں میں کورونا کے 19 ہزار 312 ٹیسٹ کیے گئے جس میں 526 افراد کا کورونا ٹیسٹ مثبت آیا

اسلام آباد (چیف رپورٹر) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا کے مزید 5 مریض انتقال کر گئے۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے متاثر مزید 5 افراد انتقال (بقیہ نمبر 2)

روپے کی قدر مزید بہتر ڈالر 185 پر آجائیگا

اس وقت پاکستان کو زرمبادلہ کی اشد ضرورت ہے' ملک بوستان

کراچی (بیورو چیف) چیئرمین فاریکس ایسوسی ایشن ملک بوستان نے ڈالر ذخیرہ کرنے والے کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے انٹربینک کمپنیوں کو کیش ڈالر برآمد کرنے کی اجازت دے دی ہے جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 3)

ابوظبی' آرمی چیف قمر جاوید باجوہ کو یو اے ای کے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے

الیکشن کمیشن ملک کے باہر سے تو افرادی قوت منگوا نہیں سکتا، چیف جسٹس پاکستان کے ریمارکس

الیکشن کمیشن بہت محنت سے کام کر رہا ہے

چیف جسٹس

فہمیدا مرزا نے موقف اختیار کیا کہ میں یا میری فیملی سے کوئی بھی الیکشن نہیں لڑ رہا لیکن بطور منتخب رکن بدین کے عوام کی نمائندگی کرنا چاہتی ہوں

ضلعی انتظامیہ حلقہ بندی بھی کرتی ہے اور آر او بھی ان کا ہی ہوتا ہے، ایک ماہ سے انتخابی مواد ڈپٹی کمشنرز کے پاس پڑا ہوا ہے، سپریم کورٹ سے استدعا ہے کہ انتخابی مواد کا آڈٹ کرایا جائے

پنجاب کے 20 حلقوں میں پرامن ضمنی انتخابات ہوئے، حلقہ بندی میں بھی دن رات الیکشن کمیشن نے محنت کی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فہمیدہ مرزا سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کی درخواست میں دم ہوا تو آپکو سن لیں گے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فہمیدہ مرزا سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کی درخواست میں دم ہوا تو آپ کو سن لیں گے۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن بہت محنت سے کام کر رہا ہے۔ بدین سے منتخب ممبر قومی اسمبلی فہمیدہ مرزا سندھ میں حلقہ بندیوں سے متعلق سماعت کے موقع پر سپریم کورٹ میں پیش ہوئیں۔ فہمیدا مرزا نے موقف اختیار کیا کہ میں یا میری فیملی سے (بقیہ نمبر 14)

بلاول بھٹو زرداری کی ضلع ٹانک میں پولیو ٹیم پر مسلح حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے ضلع ٹانک میں پولیو ٹیم پر مسلح حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دہشتگرد (بقیہ نمبر 56)

وزیراعظم سے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر کی ملاقات

پاکستان کے ساتھ تعاون کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر جولین ہارنیس نے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی تعاون کے فریم ورک، سیلاب سے نجات، خوراک کی حفاظت اور ماحولیاتی نظام (بقیہ نمبر 19)

جنرل باجوہ کو یو اے ای کے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ سے نواز دیا گیا

متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زید نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو یہ اعزاز عطاء کیا

یہ اعزاز پاک یو اے ای تعلقات کو تمام شعبوں میں مستحکم کرنے پر انکی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو یو اے ای کے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جنرل قمر جاوید باجوہ کو اعلیٰ ترین اعزاز آرڈر آف زاید سے نوازا گیا ہے متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زید نے جنرل قمر جاوید باجوہ کو یہ اعزاز عطاء کیا جنرل باجوہ کو یہ اعزاز پاک یو اے ای تعلقات کو تمام شعبوں میں مستحکم کرنے پر ان کی خدمات کے (بقیہ نمبر 20)

(ن) لیگ میں باہمی رسہ کشی و اختلافات میں بتدریج اضافہ ہونے لگا

ماڈل ٹاؤن لاہور پارٹی سیکرٹریٹ میں مریم نواز کے مستقل بیٹھنے کارکنوں اور رہنماؤں سے رابطے رکھنے کا فیصلہ ہوگیا ہے

پارٹی میں ووٹ کو عزت دو اور رابطہ عوام مہم تیز کرنیوالوں کا پلڑہ بھاری ہو رہا ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) مسلم لیگ (ن) میں باہمی رسہ کشی و اختلافات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے مریم نواز کو پارٹی میں عملی ذمہ داریاں دینے کا دباؤ بڑھ رہا ہے ماڈل ٹاؤن لاہور میں پارٹی سیکرٹریٹ میں مریم نواز کے مستقل بیٹھنے کارکنوں اور رہنماؤں سے تسلسل سے ملاقاتیں اور رابطے رکھنے کا فیصلہ ہوگیا ہے ان کی دفتر کی تزئین و آرائش ہو رہی ہے' پارٹی میں ووٹ کو عزت دو اور رابطہ عوام مہم (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد' مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما طلال چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کے ساتھ تعاون کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال

پولیو ورکرز کی کارکردگی قابلِ تحسین ہے، وزیر صحت

پولیو کے خلاف جنگ میں پولیو ورکرز کا کلیدی کردار ہے، عبدالقادر پٹیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ پولیو ورکرز کی کارکردگی قابلِ تحسین ہے، پولیو ورکرز ہمارے قومی ہیروز ہیں، پولیو کے (بقیہ نمبر 21)

ہمیں ان کے ہنر اور صلاحیتوں سے استفادہ کرنا چاہیے

سینئر آرٹسٹوں کے بغیر ہماری ڈائمنڈ جوبلی کی تقاریب مکمل نہیں ہوتیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ریڈیو پاکستان کے سینئر آرٹسٹ ہمارا اثاثہ ہیں، ہمیں ان کے ہنر اور صلاحیتوں سے استفادہ کرنا چاہیے، سینئر آرٹسٹوں کے بغیر ہماری ڈائمنڈ جوبلی کی تقاریب مکمل نہیں ہوتیں۔ (بقیہ نمبر 22)

پنجاب بھر سے ہزاروں ایجوکیٹرز کو مستقل کیے جانیکی یقین دہانی

مکوآنہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم پنجاب ڈاکٹر مراد راس نے فیصل آباد سمیت پنجاب بھر سے 14 ہزار سے زائد ایجوکیٹرز اساتذہ کو مستقل کرنے کی یقین دہانی کروا دی ہے۔ ڈاکٹر مراد راس کا کہنا ہے کہ صوبائی کابینہ سے سمری کی منظوری کے بعد سمری حتمی منظوری کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب کو ارسال کی جا چکی ہے۔ جو منظور ہوتے ہی ہزاروں ایجوکیٹرز کو مستقل کر دیا جائے گا۔

تحفظات پر وزیراعظم نے اتحادیوں کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کرلیا

وزیراعظم اتحادیوں کو ٹیلیفونک یا پھر اعلیٰ سطح اجلاس بلا کر مشاورت کریں گے' ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) مسلم (ن) کی اعلیٰ قیادت سمیت اتحادیوں کے تحفظات پر وزیراعظم نے اتحادیوں کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 6)

کراچی' وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے سبکدوش ہونے والے امریکی قونصل ملاقات کر رہے ہیں

سرحد پار ریگولیٹری ایجنسیوں کیلئے تجارتی سہولت کاری معاہدے کا آغاز

انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ پروجیکٹ نے سرحد پار ریگولیٹری ایجنسیوں کیلیے WTO کے تجارتی سہولت کاری معاہدے کا آغاز کردیا

ڈبلیو ٹی او کی بالی وزارتی کانفرنس 2013 میں متفقہ، ٹی ایف اے میں نقل و حمل میں سامان سمیت سامان کی نقل و حرکت، ریلیز اور کلیئرنس کو تیز کرنیکی دفعات شامل ہیں

اسلام آباد (حاجی ندیم) سرحد پار ریگولیٹری ایجنسیوں کیلیے تجارتی سہولت کاری معاہدے کا آغاز کردیا گیا۔ وزارت تجارت اور UN-ITC یونائیٹڈ نیشنز انٹرنیشنل ٹریڈ سینٹر (کے ریونیو موبائیزیشن، انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (ReMIT) پروجیکٹ نے سرحد پار ریگولیٹری ایجنسیوں کیلیے WTO کے تجارتی سہولت کاری معاہدے (TFA) کا آغاز کر دیا۔ ڈبلیو ٹی او کی بالی وزارتی کانفرنس 2013 میں متفقہ، ٹی ایف اے میں نقل و حمل میں سامان سمیت سامان کی نقل و حرکت، ریلیز اور کلیئرنس کو تیز کرنے کی دفعات شامل ہیں۔

لاہور' جماعت اسلامی کے کارکنان نے لیسکو ہیڈ کوارٹر کے سامنے دھرنا دے رکھا ہے

پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ کے درمیان اظہار آمادگی کے خط پر اتفاق

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ (اظہار آمادگی کے خط) پر اتفاق ہو گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کی طرف سے آئی ایم ایف کو بھجوائے گئے اظہار آمادگی کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے آئی (بقیہ نمبر 11)

وزارت داخلہ کی جعلی ویب سائٹ بنانیوالا ملزم گرفتار

ملزم شہریوں کو گاڑی کے کالے شیشوں کے جعلی پرمٹ بھی دیتا تھا، ایف آئی اے

اسلام آباد (حمزہ لطیف) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے وزارت داخلہ کی جعلی ویب سائٹ بنانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ نے فیصل آباد میں کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کیا۔ ترجمان ایف (بقیہ نمبر 7)

نواز شریف اور مریم نواز کی ناراضگی کا جواب نہیں دے سکتا

تاہم پیپلز پارٹی کے شریک چیرمین آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کے اعتراضات دور کر سکتا ہوں

ہم نے تمام مشکل فیصلوں میں اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لیا ہے ہم نے ملک کو بچانا ہے' مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے سابق وزیراعظم میاں نواز شریف اور مریم نواز کی ناراضگی کا جواب نہیں دے سکتا ہوں تاہم پیپلز پارٹی کے شریک چیرمین آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کے اعتراضات دور کر سکتا ہوں۔ وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے پریس کانفرنس کے دوران ایک صحافی نے سوال کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (بقیہ نمبر 23)

گھر میں آتشزدگی، جھلس کر ساس بہو جاں بحق ہوگئیں

ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز نے آگ پر قابو پالیا آتشزدگی کی وجہ معلوم نہ ہوسکی

وزیرآباد (نامہ نگار) وزیرآباد کے علاقہ سوہدرہ میں شہری کے گھر آتشزدگی کے نتیجے میں جھلس کر ساس بہو جاں بحق ہوگئیں۔ ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز (بقیہ نمبر 15)

ممنوعہ فنڈنگ کیس' اکبر ایس بابر کا PTi کی اپیل میں فریق بننے کا فیصلہ

یہ کیس پاکستان کی سیاست کو تبدیل کر دے گا، ۔ اکبر ایس بابر

اسلام آباد (حاجی ندیم) اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت ممنوعہ فنڈنگ کیس میں اکبر ایس بابر نے پی ٹی آئی کی اپیل میں فریق بننے کا فیصلہ کر لیا۔ اکبر (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی' ڈپٹی کمشنر طاہر فاروق چک جلال دین قریشی آباد میں محکمہ صحت کے افسران کو ڈینگی لاروا تلف کرنے کے حوالے سے ہدایت دے رہے ہیں

دوہری شہریت رکھنے والے افسران کا ڈیٹا طلب

محکمہ کسٹمز میں دوہری شہریت رکھنے والے گریڈ 17 سے گریڈ 22 تک کے افسران کی ملازمتوں کا ڈیٹا اکٹھا کرنا شروع کر دیا ہے

کسٹم افسران اپنی ملازمت کے کوائف سمیت ذاتی کوائف پرمنی پرفارما 28 اگست تک جمع کروا دیں' ایف بی آر

لاہور (بیورو چیف) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے محکمہ کسٹمز میں دوہری شہریت رکھنے والے گریڈ 17 سے گریڈ 22 تک کیلیے افسران کی ملازمتوں کا ڈیٹا اکٹھا کرنا شروع کر دیا ہے جس کے لئے ایف بی آر نے کسٹمز افسران میں باقاعدہ ایک پرفارما بھی تقسیم کر دیا ہے جس میں ان سے مختلف سوالات دریافت کئے گئے ہیں۔ ایف بی آر نے کسٹم افسران کو ہدایات جاری کی ہیں کہ (بقیہ نمبر 8)

آرمی چیف جنرل قمر باجوہ کے بیٹے کے گھر جڑواں بچوں کی پیدائش

اسلام آباد (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے بیٹے کے گھر جڑواں بچوں کی پیدائش ہوئی ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ جنرل قمر جاوید باجوہ اپنے بیٹے سعد صدیق باجوہ کے ہاں پیدا جڑواں بچوں کی پیدائش کے بعد اب دادا بن گئے ہیں۔

راولپنڈی' پنجاب آرٹس کونسل میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عبداللہ محمود وقار احمد اور فاروق ریاض قدیم نوادرات کی نمائش دیکھ رہے ہیں

پاکستان کے سابق صدر ضیاء الحق کی 34 ویں برسی منائی گئی

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان کے سابق صدر ضیاء الحق کی 34 ویں برسی منائی گئی' وہ پاکستان کے طویل ترین عرصہ تک حکمران رہے۔ پاکستان کے سابق صدر ضیاء الحق 12 اگست 1924ء کو بھارت کے شہر جالندھر میں پیدا ہوئے۔ وہ 5 (بقیہ نمبر 24)

سینیٹ نے وقفہ سوالات معطل کرنیکی تحریک کی منظوری دیدی

سینیٹر رضا ربانی نے چوبیس گھنٹوں کے نوٹس پر اجلاس بلانے پر اعتراض اٹھا دیا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے وقفہ سوالات معطل کرنے کی تحریک کی منظوری دیدی جبکہ سابق چیئرمین سینٹ سینیٹر رضا ربانی نے چوبیس گھنٹوں کے نوٹس پر اجلاس بلانے پر اعتراض اٹھا دیا۔ بدھ کو قائد ایوان سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے اس سلسلے میں تحریک پیش کی۔ قائد حزب (بقیہ نمبر 25)

پی این ایس ذوالفقار کا متحدہ عرب امارات کا دورہ

دبئی بندرگاہ پہنچنے پر متحدہ عرب امارات کی بحریہ اور پاکستانی سفارتی حکام نے جہاز کا استقبال کیا' ترجمان پاک بحریہ

پی این ایس ذوالفقار کے اس دورے اور بحری مشق میں شرکت سے دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید فروغ ملے گا، ترجمان پاک بحریہ

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) پی این ایس ذوالفقار کے دورہ متحدہ عرب امارات کے دوران پرچم کشائی کی تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاکستان بحریہ کے جہاز پی این ایس ذوالفقار نے ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پٹرول پر تعیناتی (بقیہ نمبر 26)

سی پیک کے دشمنوں کیخلاف مل کر نمٹا جائیگا، مسٹر گاؤ فی

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل منسٹری آف پبلک سیکورٹی عوامی جمہوریہ چین مسٹر گاؤ فی نے ایک اعلیٰ سطح وفد کے ہمراہ قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی کے صدر دفتر اسلام آباد (نیکٹا ہیڈ کوارٹرز) کا دورہ کیا، نیشنل کوارڈینیٹر نیکٹا محمد (بقیہ نمبر 17)

تعیناتی کیخلاف درخواست پر چیئرمین واپڈا کی تعیناتی کے رولز، عدالتی فیصلے کی کاپی طلب کرلی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی کی تعیناتی کے خلاف درخواست پر سماعت کرتے ہوئے چیئرمین واپڈا کی تعیناتی کے رولز اور لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کی کاپی طلب کرلی۔

فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا، سینیٹر مشتاق احمد

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پونے سات روپے تک اضافہ ہوا،

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والے سینیٹر مشتاق احمد نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے سب چیزیں جڑی ہوئی ہیں اور دوسری طرف فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ سینیٹ میں پیٹرول اور (بقیہ نمبر 18)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 22 اگست کی بجائے 22 ستمبر کو ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کا شیڈول تبدیل کر دیا گیا ہے، اجلاس 22 اگست کی بجائے 22 ستمبر کی سہ پہر 4 بجے ہوگا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 9)

واجبات کی عدم ادائیگی، سابق اہلکار نے پولیس کی ویب سائٹ بند کردی

نیوٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایک سابق پولیس اہلکار نے مبینہ طور پر واجبات کی ادائیگی کے تنازع پر پولیس کی ویب سائٹ بند کر دی۔ امریکی ریاست میساچوسیٹس کے شہر بوسٹن کے نواحی علاقے میں مبینہ طور پر ویب سائٹ بند کرنیوالے ملزم سے تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

پنجاب میں قومی اسمبلی کے 6 حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے مانیٹرنگ ٹیمیں تعینات کردی ہیں، الیکشن کمیشن

لاہور (اے ایف پی): الیکشن کمیشن نے صوبہ پنجاب میں قومی اسمبلی کے 6 حلقوں میں ہونیوالے ضمنی انتخابات کے لئے مانیٹرنگ ٹیمیں تعینات کر دیں، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسران کی سربراہی میں یہ ٹیمیں اپنے فرائض سرانجام دیں گی۔ ترجمان الیکشن کمیشن پنجاب کے مطابق مانیٹرنگ ٹیمیں (بقیہ نمبر 10)

بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو مقتل گاہ میں تبدیل کردیا ہے' عمیر مہمند

بھارت میں مسلمانوں سمیت اقلیتوں پر جو مظالم ہو رہے ہیں دنیا اسکا نوٹس لے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور کے سالار مولانا محمد عمیر مہمند نے کہا ہے کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو مقتل گاہ میں تبدیل کر دیا ہے، مودی کی فاشسٹ پالیسیوں کی وجہ سے بھارت کا دہشت گرد چہرہ پوری دنیا میں بے نقاب ہو چکا ہے، بھارت میں مسلمانوں سمیت اقلیتوں پر جو مظالم ہو رہے ہیں پوری دنیا کو اس کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔ (بقیہ نمبر 12)

بارشوں اور موسم کی خرابی کی وجہ سے مختلف ٹرین تاخیر کا شکار ہیں

34 ڈاؤن پاک بزنس ایکسپریس کی کراچی روانگی منسوخ کر دی گئی

لاہور (ہادی حسین) ملک بھر میں ہونے والی بارشوں اور موسم کی خرابی کی وجہ سے مختلف ٹرین تاخیر کا شکار ہیں۔ ریلوے ترجمان کے مطابق 34 ڈاؤن پاک بزنس ایکسپریس کی کراچی روانگی منسوخ کر دی گئی۔ اس ٹرین کے تمام مسافروں کو لاہور سے کراچی روانہ ہونے والی 16 ڈاؤن کراچی ایکسپریس اور 44 ڈاؤن شاہ حسین ایکسپریس میں (بقیہ نمبر 13)

کراچی' سی ویو پر شہری مون سون کے سہانے موسم میں انجوائے کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پیٹرولیم مصنوعات معاشی مسائل، عام آدمی

عام آدمی کی توقعات کے برعکس وزارت خزانہ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایسا ردوبدل کیا ہے کہ جس سے مثبت سماجی اثرات برآمد نہیں ہوں گے ۔ وزارت خزانہ کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم کی قیمت 6.72 روپے اضافے کے بعد 233.91 روپے فی لٹر مقرر کردی گئی ہے۔ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 51 پیسے اور مٹی تیل کی قیمت 1.67 روپے فی لٹر کم کی گئی ہے۔ لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 43 روپے فی لٹر اضافا کیا گیا ہے۔ یہ صورتحال عام آدمی کے لیے یقینی پریشانی کا باعث ہے جس کے بعد اگلے 15 دن کے لیے لوگوں کو مہنگی پیٹرولیم مصنوعات اور ان کی وجہ سے مہنگائی کی نئی لہر کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ملک کو درپیش معاشی مشکلات کی وجہ سے سماجی زندگی پہلے ہی سنگین مالی مسائل سے گذر رہی ہے ۔ ضروریات زندگی ، اشیائے خورونوش اور معمول کی خدمات عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہو چکی ہیں ۔ان حالات میں ایسے معاشی فیصلوں کی قطعی کوئی گنجائش نہیں جن کی وجہ سے متوسط اور اس سے نیچے کے طبقات کو مزید مالی دباؤ کا سامنا کرنا پڑے۔ اس میں دورائے نہیں کہ ملکی معیشت مجموعی طور پر نہایت مشکل حالات سے گذر رہی ہے ۔ قومی خزانے پر غیر ملکی قرض کی ادائیگیوں کو بھاری بوجھ مستقل پریشانی کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ درآمدی بلز کے ضخیم حجم نے تجارتی توازن کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے جس سے اقتصادی نظام کی ترتیب و تنظیم کو درست سمت پر استوار رکھنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اس حقیقت سے انکار بھی ممکن نہیں کہ موجود حکومت کی بہتری معاشی پالیسیوں ، سفارتی و سیاسی کاوشوں سے مجموعی حالات میں بتدریج بہتری آ رہی ہے ۔معاشی میں درپیش مسائل کے پیش نظر عالمی سطح پر مختلف ممالک سے سفارتی تعلقات خاص طور پر امریکی سے روابط کے بعد آئی ایم ایف کی طرف سے قرض پروگرام کی دو اقساط جاری ہونے کے امکانات روشن ہو چکے ہیں۔

ڈائمنڈ جوبلی اور پیناڈول

تحریر۔۔۔ رویل اکبر

پاکستان ماشاء اللہ سے 75 سال کا ہوگیا ہے گذرے ہوئے ان سالوں میں ہم نے ترقی کی ہے تو کرپشن میں، چور بازاری میں ،لوٹ گھسوٹ میں اور آبادی میں اضافے میں ہم نے اپنی زندگیوں میں یہ سب کچھ شامل اس لیے کرلیا ہے کہ ہم نے پاکستان بنتے دیکھا نہ بنانے کی جدوجہد سے گذرے ہمیں تو بنا بنایا ملک ملا جس کی صرف ایسی تیسی پھیرنے میں ہم نے اپنا حصہ ضرور ڈالا پاکستان کے وہ شہری جنہوں نے لے کے رہیں گے پاکستان اور پاکستان کا مطلب کیا لاالہ اللہ کا نعرہ نہیں چھوڑا اور پھر ہجرت کی وہ تکلیفیں برداشت کی جنہیں ہم آج بھی سنیں تو جسم کانپ جاتا ہے داتا دربار کمیٹی کے سابق چیئرمین سیٹھ اختر سعید چشتی قیام پاکستان کے وقت ہجرت کرنے والوں میں شامل تھے قتل غارت کے وہ چشم دید گواہ ہیں انہوں نے اس ٹرین کی لاشیں بھی دیکھی ہیں جس میں انسانوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر پاکستان روانہ کیا گیا تھا اور پھر اسکے بدلے میں ہمارے غیور نوجوانوں نے جو کیا وہ بھی تاریخ کا حصہ ہے ہمارے بزرگ وہ نایاب ،نادر، انمول اور خوبصورت اثاثہ ہیں جنہیں ہم اپنے ہاتھوں ضائع کررہے ہیں پاکستان کی آبادی اس وقت تقریباً 23 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے پنجاب کی آبادی اس وقت تقریباً 12 کروڑ سے زائد ہوچکی ہے جس میں سے 4 فیصد ہمارے بزرگ ہیں اور ان بزرگوں کی جوانی کی وجہ سے ہم آزاد ملک حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے یہ ہمارے محسن ہیں ہمیں انکا اپنے سے بڑھ کر خیال رکھنا چاہیے آج یہی بزرگ کسی نہ کسی سہارے کے طلب گار ہیں عمران خان نے اپنے دور حکومت میں بزرگوں کے لیے اولڈ ہوم بنائے احساس پروگرام شروع کیا لنگر خانے کھولے اور اب وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے اورنج لائن ٹرین میں بزرگوں اور خصوصی افراد کو مفت سفر کی سہولت دینے کا فیصلہ کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ پنجاب حکومت کا یہ اپنے محسنوں کے لیے بہت اچھا کام ہے اسکے ساتھ ساتھ ہسپتالوں میں ادویات بھی مفت کردی ہیں ایک تو غربت اور اوپر سے مہنگی ادویات خریدنا عام آدمی کے بس کی بات نہیں تھی اور رہی بات بزرگوں کی انکے پاس تو کچھ بھی نہیں ہوتا جو تھا وہ اپنے بچوں پہ لگا کر فارغ ہو چکے ہیں ان حالات میں اورنج لائن میں مفت سفر کی سہولت اور ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی سے بزرگوں کی زندگی کچھ آسان ہو جائیگی میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے بزرگ شہریوں کے ساتھ ساتھ ٹرانس جینڈر کو بھی یہ سب سہولتیں فراہم کی جائیں نہ صرف اورنج لائن بلکہ ملک بھر میں آنے جانے کے لیے پاکستان ریلوے اور پی آئی اے میں بھی انہیں صرف 10 فیصد کرایہ کی سہولت دی جائے پنجاب حکومت نے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات مفت دینے کا اعلان کیا ہے تو یہ بھی بتاتا چلوں کی اس وقت پاکستان میں ضروری اور جان بچانے والی ادویات کی قلت کا بحران شدت اختیار کر چکا ہے 74 ضروری اور جان بچانے والی ادویات مارکیٹ سے غائب ہیں مقامی ادویہ ساز کمپنیوں نے عالمی منڈی میں خام مال کی قیمتوں میں اضافے اور زیادہ پیداواری لاگت کی وجہ سے اس کی درآمد روک رکھی ہے ادویہ ساز کمپنیوں نے 200 مالیکیولز کے خام مال کی درآمد بھی روک دی ہے جن کی عالمی منڈی میں قیمتیں بڑھ گئی ہیں اور ان کی پیداواری لاگت کمپنیوں کی استطاعت سے باہر ہے ادویہ ساز کمپنیوں کا موقف ہے کہ اگر حکومتی سطح پر ٹیکسز میں چھوٹ نہ دی اور ادویات میں قیمتوں میں 51 اضافہ نہ کیا گیا تو ان ادویات کی تیاری ناممکن ہوجائے گی اور یہ مسلسل تیسرا ہفتہ ہے کہ خام مال کے لیے کوئی نیا آرڈر نہیں دیا گیا ہے موجودہ پیداوار کچھ دستیاب اسٹاک کے ساتھ جاری ہے لیکن یہ زیادہ دیر تک نہیں چلے گی اور جلد ہی یہ ادویات بھی ختم ہو جائینگی اور ملک بھر میں ادویات کی قلت کا بحران مزید شدت اختیار کر جائے گا مارکیٹ سے غائب ادویات کی جولائی میں جو فہرست بنائی گئی تھی اس میں 40 مختلف ادویات کے نام تھے جن میں گولیاں، شربت، انجیکشن اور مرہم یا قطرے شامل تھے ۔اب 47 کے قریب دوائیں ایسی ہیں جو دستیاب نہیں ہیں جن میں دماغی و اعصابی بیماریوں کی ادویات بھی شامل ہیں حتیٰ کہ ان میں ایسی دوائیں بھی ہیں جنہیں خودکشی سے بچاؤ کی ادویات کہا جاتا ہے میتھیم کاربونیٹ کے تمام برانڈز مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہیں جو کہ کئی نفسیاتی بیماریوں کے علاج کے لیے موثر ترین دوا ہے ان ضروری ادویات میں بچوں میں توجہ کی کمی ہائپر ایکٹیویٹی ڈس آرڈر کے علاج کے لیے میتھا کلفینیڈیٹ اور بچوں اور بڑوں میں مرگی کے لیے کلونازیپم کے قطرے اور گولیاں شامل ہیں جو پچھلے کئی ہفتوں سے مارکیٹ میں دستیاب نہیں تھیں ٹی بی ، مرگی، پارکنسن ، امراض قلب اور دیگر بیماریوں کے مریضوں کے لیے ادویات بھی مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہیں میتھیم کاربونیٹ 9 مختلف کمپنیاں تیار کرتی ہیں لیکن خام مال کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور پیداواری لاگت کے آسمان کو چھونے کے بعد اب ان میں سے کوئی بھی اسے تیار نہیں کر رہا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پی پی ایم اے ادویات کی قلت کے معاملے پر بلیک میلنگ کر رہی ہے اور ان کی کوشش ہے کہ تمام ادویات کی قیمتوں پر 40 فیصد اضافہ کرلیا جائے حالانکہ ایسی کوئی دوا نہیں ہے جس کی پیداواری لاگت کا مسئلہ ہو آپ صرف پیناڈول لینے کسی بھی میڈیکل سٹور پر چلے جائیں نہیں ملے گی اور یہ ایک عام دوائی ہے جو کبھی پان سگریٹ والے سے بھی مل جاتی تھی یہ ہے وہ ترقی جو ہم نے 75 سالوں میں کی اس لیے سلنسر نکال کر ڈائمنڈ جوبلی منانا تو بنتی ہے کوئی اور نہ سہی پنجاب حکومت ادویہ ساز کمپنیوں کی بلیک میلنگ پر بھی توجہ دے تاکہ سر درد اور بخار کی پیناڈول تو فوری دستیاب ہوسکے۔

دنیا سامراجیت کے چنگل سے آزاد ہو رہی ہے

تصور حسین شہزاد

میدانِ مشرق وسطیٰ میں ایران اور چین کیساتھ محاذ آرائی میں امریکہ کو شدید سبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے ۔ جو بائیڈن کے دورہ مشرق وسطیٰ میں کہیں سے بھی امریکی صدر کو ٹھنڈی ہوا کا جھونکا نہیں ملا۔ جو بائیڈن کو سعودی عرب سے بڑی امیدیں تھیں، مگر شائد سعودی قیادت زمینی حقائق اور امریکہ کے گمراہ کن پروپیگنڈے سے آشنا ہو چکی ہے، یہی وجہ ہے کہ اس بار امریکہ کا عربوں کو ایران سے ڈرانے کا "چورن" فروخت نہیں ہوا۔ ایک ماہ بعد جو بائیڈن کے دورہ مشرق وسطیٰ کی ناکامی کے چرچے ابھی تک چینی میڈیا میں ہیں۔ جو بائیڈن کے اس ناکام دورے سے ایک چیز تو واضح ہوگئی ہے کہ امریکہ کا خطے میں اثر ورسوخ کم ہوتا جا رہا ہے۔ امریکہ جہاں عربوں کو ایران اور چین کی دفاعی قوت سے ڈرا کر اپنا اسلحہ فروخت کیا کرتا تھا، اب اس بار جو بائیڈن کا یہ ڈرامہ "فلاپ" ہوگیا ہے اور اس بار پہلی مرتبہ عربوں نے امریکی مشورے پر ایران سے ڈرنے سے انکار کر دیا ہے۔ امریکہ کے کچھ مطالبات ایسے تھے، جن سے اس کی مفاد پرستی بے نقاب ہوئی۔ مثال کے طور پر امریکہ تیل کے بحران سے دوچار ہے اور سعودی عرب نے امریکی مطالبے پر تیل کی پیداوار بڑھانے سے انکار کر دیا ہے ۔ جو امریکہ کی ناکامی ہے۔ چینی تجزیہ کار تو اسے امریکہ کی خودغرضی اور منافقت سے تعبیر کر رہے ہیں۔ امریکہ ایران کا بڑھتا ہوا اثر و رسوخ روکنے اور ریاض کو تیل کی پیداوار بڑھانے کیلئے آمادہ کرنے میں بری طرح ناکام رہا ہے، اور امریکی صدر کو ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا ہے ۔ جو بائیڈن بہت سی امیدیں لے کر دورے پر آیا تھا، مگر اسے اس دورے نے اپنی حیثیت کا احساس دلا دیا ہے ۔ دیکھا جائے تو امریکہ کی مشرق وسطیٰ کیلئے پالیسی خطے کی بہتری کیلئے نہیں، بلکہ انتشار پھیلانے کی پالیسی ہے۔ امریکہ کی کوشش تھی کہ خطے میں چین کے مخالفین پیدا کیے جائیں، لیکن اس میں امریکہ کو اس لئے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا کہ چین کسی ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا، چین کسی ملک کی رجیم چینج کیلئے سازشوں کے جال نہیں بنتا، چین اپنا اسلحہ فروخت کرنے کیلئے جنگیں کاشت نہیں کرتا۔ چین کسی ملک سے اپنی خواہشات کے مطابق کام کرنے کا تقاضا نہیں کرتا، چین ہمیشہ دوطرفہ مفادات کے معاہدے کرتا ہے ، اگر کسی ملک سے فائدہ لیتا ہے تو اس ملک کو فائدہ پہنچاتا بھی ہے۔ چین نے آج تک کسی ملک پر اقتصادی پابندی لگا کر وہاں کے عوام پر عرصہ حیات تنگ نہیں کیا۔ جب جو بائیڈن ریاض میں بیٹھ کر چین اور ایران کیخلاف لفظی گولہ باری میں مصروف تھا، عین اس وقت سعودی عرب کے وزیر خارجہ سی این بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ وہ امریکہ اور چین میں سے کسی کو ایک دوسرے پر فوقیت نہیں دیتے۔ دوسرے لفظوں میں سعودی عرب نے واضح پیغام دیدیا کہ جتنا احترام ہم امریکہ کو دیتے ہیں اتنا ہی چین کو بھی دیتے ہیں۔ مشرق وسطیٰ کی صورتحال بدل رہی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ یو اے ای بھی اسرائیل کو تسلیم کر کے پچھتا رہا ہے۔ یو اے ای کے خارجہ امور کے مشیر انور قرقاش کا ایک انٹرویو میں کہنا تھا کہ ایران کیساتھ کشیدگی کم کرنا اور اقتصادی امور میں تعاون بڑھانا چاہتے ہیں۔ یو اے ای کو احساس ہوا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کر کے، یہاں اسرائیلی مراکز بنا کر انہوں نے اپنی خودمختاری گروی رکھ دی ہے۔ جس پر اب یو اے ای کے حکام نادم بھی ہیں اور پریشان بھی۔ یو اے ای چاہ رہا ہے کہ ایران کیساتھ تعلقات بہتر کرنے کا کوئی پلیٹ فارم ملے تو وہ اس سے استفادے کیلئے تیار ہیں۔ یو اے ای ایران کیساتھ سفارتی تعلقات بھی بحال کرنا چاہتا ہے اور انور قرقاش نے اس انٹرویو میں یہ بھی واضح کیا کہ وہ ایران کیخلاف خطے میں بننے والے کسی مخالف بلاک یا اتحاد کا حصہ نہیں بنیں گے۔ یو اے ای کی جانب سے یہ ایک اشارہ تھا کہ اس کا جھکاؤ اب ایران کی طرف ہو رہا ہے۔ ایسی ہی صورتحال کچھ سعودی عرب میں بھی دکھائی دے رہی ہے۔ امریکہ اس وقت چین کے خوف کا شکار ہے، چین کی بڑھتی ہوئی دفاعی صلاحیتوں اور ایران کیساتھ بیجنگ کی قربتوں نے واشنگٹن کی نیندیں حرام کر رکھی ہیں۔ مغربی ماہرین امور خارجہ بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ دنیا میں طاقت کا توازن تبدیل ہو رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکہ اپنی تیزی سے گرتی ہوئی ساکھ بچانے کیلئے کبھی روس کو یوکرائین سے لڑاتا ہے تو کبھی چین کے مدِ مقابل تائیوان کو ہلہ شیری دیتا ہے ۔ امریکہ یہ چاہتا ہے کہ چین کو خطے میں ہی مصروف کر دے ۔مگر زمینی حقائق بتا رہے ہیں کہ امریکہ کی سامراج سوچ کو سورج اب غروب ہونیوالا ہے ۔ چین دفاع سمیت کئی شعبوں میں امریکہ پر غلبہ حاصل کر چکا ہے۔ جبکہ امریکہ کی اقتصادی پابندیاں روس اور ایران کا بھی کچھ نہیں بگاڑ پائیں ۔ بلکہ دونوں ملک ماضی کی نسبت زیادہ معاشی طور پر مضبوط ہوئے ہیں۔ ایران، روس اور چین امریکی سازشوں کے باوجود معاشی طور پر مستحکم ہوئے ہیں اور ان کے مقابلے میں امریکہ کے اتحادی یورپی ممالک میں مہنگائی، بے روزگاری اور کساد بازاری میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے ۔ امریکہ جن ملکوں کو تنہا کرنے چلا تھا، وہ آج بھی مستحکم ہیں، کویت نے چھ سال بعد ایران سے سفارتی تعلقات بحال کر لئے ہیں۔ عراق اور شام بھی ایران کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ روس کیساتھ بھی ایران کے تعلقات مضبوط ہیں اور چین بھی اس ساری صورتحال میں اہم کھلاڑی ہے۔ یہ بلاک مضبوط تر ہوتا جا رہا ہے جبکہ اس کے برعکس امریکہ کمزور اور تنہا ہو رہا ہے۔ یہ اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ ظلم کا سورج غروب ہو رہا ہے۔ دنیا اب سازشوں اور سامراجیت کے چنگل سے آزاد ہو رہی ہے۔ سویرا بہت قریب ہے۔

آلو بخارا صحت کے لیے بہت مفید ہے

ملتان (سی ایم لنکس) خشک آلو بخارا اپنے کھٹے میٹھے ذائقے کے باعث کھانے میں بہت پسند کیا جاتا ہے، خشک آلو بخارا کھانے میں بہت مزیدار لگتا ہے اور اسے کھانوں میں ذائقے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ آلو بخارا صحت کے لیے بہت مفید ہے لیکن اگر اسے خشک کر کے استعمال کیا جائے تو یہ کئی طرح کے کینسر بالخصوص بڑی آنت کے کینسر کے لیے بہت مفید ہے۔ ذائقے اور لذت کے ساتھ ساتھ یہ حیرت انگیز فوائد سے بھی مالا مال ہے، خشک آلو بخارا وٹامن کے، آئرن، فائبر، پوٹاشیم اور بیٹا کیروٹین سے بھرپور ہوتا ہے۔ خشک آلو بخارے کا جوس جسم میں آئرن کی کمی کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔ آئرن کی کمی کے سبب خون کے سرخ خلیات میں کمی واقع ہوتی ہے جو انیمیا یعنی خون کی کمی کا سبب بنتی ہے۔ آلو بخارے کے جوس کا آدھا کپ جسم کو تین میل گرام آئرن فراہم کرتا ہے، اسطرح خون کی کمی کے مسئلے سے باآسانی نمٹا جاسکتا ہے۔ آلو بخارے فائبر سے بھرپور پھل ہے اور یہ وہ جز ہے جو آنتوں کے افعال کو بہتر کر کے قبض کو ختم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ایک آلو بخارے میں ایک گرام فائبر ہوتا ہے جو کہ جسم کے لیے مناسب مقدار ہے، اسی طرح اس میں موجود دیگر اجزاء بھی نظام ہضم کے مسائل پر قابو پانے کے لیے موثر ثابت ہوتے ہیں۔ خشک آلو بخارا پوٹاشیم سے بھرپور ہونے کے سبب دل کے مناسب افعال کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ پوٹاشیم کے استعمال سے بلڈ پریشر کو معمول پر رکھنے میں مدد ملتی ہے اور امراض قلب ، ہارٹ اٹیک ، فالج اور عشی جیسے امراض کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ خشک آلو بخارا جسم کی پوٹاشیم کی ضرورت پوری کرنے میں مدد دیتا ہے، خشک آلو بخارا وٹامن اے کے حصول کا بھی بہترین ذریعہ ہے۔ یہ ہڈیوں کو مضبوط بنانے میں بھی مدد دیتا ہے، آلو بخارا بالوں کی نشوونما اور جلد کی خوبصورتی کے لیے بھی مفید ہے۔

سرینا ولیمز ڈبلیو ابتدائی راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہوگئیں

ایما راڈوکانو نے سرینا ولیمز کو خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں شکست دی

سنسناٹی (اے ایف بی) :امریکہ کی شہرہ آفاق ٹینس سٹار ، سابق عالمی نمبر ایک اور 23 گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح سرینا ولیمز ڈبلیو ٹی اے سنسناٹی ماسٹرز ٹینس ویمز سنگلز کے ابتدائی راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہوگئیں۔ برطانوی ٹینس سٹار اور یو ایس اوپن چیمپئن ایما راڈوکانو نے سرینا ولیمز کو خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں شکست دی۔ ڈبلیو ٹی اے/اے ٹی پی سنسناٹی ماسٹرز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ امریکا میں جاری ہے۔

کے پی ایل میں آج (جمعرات کو) مزید 2 میچ کھیلے جائیں گے

مظفر آباد۔ 17 اگست (اے پی پی): کشمیر پریمیئر لیگ (کے پی ایل) میں آج (جمعرات کو) مزید دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ میرپور رائلز اور اوورسیز وارییرز کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا میچ جموں جانباز اور کوٹلی لائنز کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ دوسری کشمیر پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے مظفر آباد سٹیڈیم میں جاری ہیں، جمعرات کو لیگ کے گیارہویں میچ میں میرپور رائلز اور اوورسیز وارییرز کی ٹیمیں نبرد آزما ہوں گی۔ میرپور رائلز کی ٹیم ٹیبل پر دو پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے جبکہ اوورسیز وارییرز کی ٹیم دو میچ کھیل چکی ہے اور کوئی میچ جیت نہیں سکی ہے۔

ہالینڈ اور پاکستان کے درمیان دوسرا ایک روزہ کرکٹ میچ آج (جمعرات کو) کھیلا جائے گا

روٹرڈیم (اے ایف بی) ہالینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا میچ آج (جمعرات کو) روٹرڈیم میں کھیلا جائے گا۔ گرین شرٹس کو میزبان ہالینڈ کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہے ، پاکستان ٹیم نے پہلے ون ڈے میچ میں ہالینڈ کو سخت مقابلے کے بعد 16 رنز سے شکست دی تھی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم تین ون ڈے میچوں کی سیریز کیلئے ہالینڈ میں موجود ہے۔ گرین شرٹس کو مایہ ناز بلے باز بابر اعظم لیڈ کریں گے جبکہ میزبان ٹیم سکاٹ ایڈورڈز کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ دونوں ٹیموں کے مابین تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کا دوسرا ون ڈے 18 اور تیسرا اور آخری میچ 21 اگست کو کھیلا جائے گا۔ سیریز کے تینوں میچز ہیزل ویگ سٹیڈیم ،روٹرڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ میزبان ٹیم کے خلاف پہلے میچ میں آف دی میچ کا اعزاز پانے والے فخر زمان کا کہنا ہے کہ پہلے میچ میں اپنی کارکردگی سے مطمئن ہوں ، دوسرے میچ میں بھی اپنی عمدہ کھیل کی بدولت اپنی ٹیم کو فتح دلانے میں اہم کردار ادا کروں گا۔

حکومت اتھلیٹس کے لیے الگ میدان مہیا کرے، ارشد ندیم

ارشد ندیم نے قوم کا سر فخر سے بلند کیا، ملک میں اتھلیٹس کی بھرپور سپورٹ کریں گے



لاہور (این این آئی) کامن ویلتھ اور اسلامی یکجہتی گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے والے اولمپین ارشد ندیم نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اتھلیٹس کے لیے الگ میدان مہیا کرے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ارشد ندیم نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ اولمپک کے لیے ایک علیحدہ گراؤنڈ دے، حکومت سے اپیل ہے کہ ہمیں انٹرنیشنل لیول کی ٹریننگ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کھلاڑیوں کی طرح پاکستانی اتھلیٹس کو بھی سہولتیں ملنی چاہئیں، وسائل دیے جائیں تو پاکستانی کھلاڑی دوسرے مقابلوں میں گولڈ میڈلز جیت سکتے ہیں۔ ارشد ندیم نے کہا کہ خوشی ہے کہ پاکستان کیلئے دو میڈل جیتے، پاکستانی قوم کی دعاؤں کی بدولت گولڈ میڈلز جیتنے میں کامیاب ہوا، مقابلوں کے لیے بہت محنت اور کامیابی حاصل کی۔

ٹاس سے پہلے ہی ہمیں پتہ تھا وکٹ مشکل ہے، اس پر نمی بھی ہے، فخر زمان

بابر نے کہا ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ اس لیے کریں گے کہ ہمیں ٹف صورتحال ملے

روٹرڈیم (این این آئی) قومی ٹیم کے جارح مزاج بیٹر فخر زمان نے کہا ہے کہ ٹاس سے پہلے ہی ہمیں پتہ تھا وکٹ مشکل ہے، اس پر نمی بھی ہے ، بابر نے کہا ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ اس لیے کریں گے کہ ہمیں ٹف صورتحال ملے ، ہمیں مستقبل میں کہیں پر بھی مشکل وکٹ اور اس قسم کی کنڈیشن مل سکتی ہے، ورنہ میرے خیال میں کوئی بھی ٹیم اس طرح کی وکٹ پر ٹاس جیت کر بیٹنگ نہیں کرے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے سوشل میڈیا پر پہلے میچ میں گرین شرٹس کی جیت میں اہم کردار ادا کرنے والے بیٹر فخر زمان کی ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔

فیفا نے بھارتی فٹبال فیڈریشن کی رکنیت معطل کردی

بھارت اکتوبر میں ہونے والے انڈر 17 ورلڈ کپ کی میزبانی سے محروم ہوگیا

زیورخ (این این آئی) فیفا نے بھارتی فٹبال فیڈریشن کی رکنیت معطل کردی جس کے باعث بھارت اکتوبر میں ہونے والے انڈر 17 ورلڈ کپ کی میزبانی سے محروم ہوگیا۔ فیفا کے مطابق فٹبال معاملات میں بیرونی مداخلت کی وجہ سے بھارت کو معطل کیا گیا ہے جب تک فٹبال کے معاملات منتخب باڈی کے سپرد نہیں ہوتے تو رکنیت معطل رہیگی۔ بھارتی عدالت نے مئی میں فٹبال فیڈریشن برطرف کر کے 3 رکنی کمیٹی قائم کردی تھی۔

اب ڈومیسٹک لیگز کی وجہ سے ون ڈے کرکٹ ختم ہوگی

بورڈ نے کھلاڑیوں کو غیر ملکی لیگز کھیلنے سے روکا تو عدالت جائیں گے، مدثر نذر

اسلام آباد (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر مدثر نذر نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ قومی کرکٹرز کو کب تک دوسرے ممالک کی ڈومیسٹک لیگز کھیلنے سے روک سکے گا۔ سابق آل راؤنڈر مدثر نذر نے ایک انٹرویو میں کہا کہ لیگز کیلئے کرکٹرز کو روکنا اب آسان نہیں ہے، زمانہ بدل چکا ہے، کرکٹرز کو ہر جگہ پر کرکٹ کھیلنے کی اجازت ہونی چاہیے، پاکستان کے کھلاڑی ابھی تو نقصان برداشت کرلیں گے لیکن زیادہ دیر تک یہ ممکن نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اب کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک لیگز کھیلنے سے روکنے کا زمانہ نہیں ہے، ایمریٹس کرکٹ لیگ کے لیے پی سی بی کب تک کھلاڑیوں کو روک سکے گا؟۔ انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایٹ ملک دبئی کو لیگ کرانے کی اجازت دی ہے تو باقی ایسوسی ایٹ ممالک بھی اپنی اپنی لیگز کرائیں گے، اب ڈومیسٹک لیگز کی وجہ سے ون ڈے کرکٹ ختم ہوگی ، ٹیسٹ کرکٹ پر دباؤ آئے گا۔ مدثر نذر نے کہا کہ کھلاڑیوں کو روکیں گے تو وہ عدالت جائیں گے کیونکہ کمانے سے کوئی روک نہیں سکتا، کیریئر پیکر کے دور میں جو ہوا اس کی مثال سب کو سامنے رکھنا ہوگی، یہ ایک چیلنجنگ دور ہے اور اس میں مشکل حالات کا سامنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں اے سی گروپ میں ٹریننگ دیتا ہوں۔

شوبز میں کام کرنے کی وجہ سے خاندان نے تعلق توڑ دیا

اگرچہ اب رشتہ دار ملتے ہیں لیکن دوریاں موجود ہیں، ہانیہ عامر

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے شوبز کیریئر اپنانے کے بعد پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کیا ہے۔ اداکارہ ہانیہ نے نجی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران کیریئر سمیت زندگی میں پیش آنے والے مختلف حالات اور واقعات پر گفتگو کی جب کہ اس دوران اداکارہ نے شوبز کیریئر اپنانے کے بعد خاندان کی جانب سے قطع تعلقی کا بھی انکشاف کیا۔ ہانیہ نے بتایا کہ جب وہ چھوٹی تھیں تو ان کے والدین میں علیحدگی ہوگئی تھی اس کے بعد کئی جگہ گھومیں لیکن پھر اپنی والدہ اور چھوٹی بہن کے ساتھ رہنے لگیں۔

بپاشا اور کے ہاں 6 سال بعد پہلے بچے کی آمد متوقع

نیا وقت، نیا مرحلہ، نئی روشنی ہماری زندگی میں شامل ہونے جا رہی ہے، پوسٹ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ بپاشا باسو اور ان کے شوہر اداکار کرن سنگھ گروور نے جلد پہلے بچے کی آمد کی تصدیق کردی۔ اداکار جوڑے نے انسٹاگرام پر فوٹو شوٹ کی کچھ تصاویر پوسٹ کیں اور بتایا کہ دونوں جلد بچے کے والدین بننے والے ہیں۔ بپاشا اور کرن نے مشترکہ پوسٹ کے کیپشن میں لکھا ایک نیا وقت، ایک نیا مرحلہ، ایک نئی روشنی ہماری زندگی میں شامل ہونے جا رہی ہے جس نے ہمیں پہلے سے زیادہ مکمل بنا دیا۔ انہوں نے لکھا ہم نے یہ زندگی انفرادی طور پر شروع کی اور پھر ہم ایک دوسرے سے ملے اور دو ہوگئے، جلد ہی ہم دو سے تین ہونے والے ہیں۔

چوہدری شجاعت عرفان کھوسٹ کے پسندیدہ سیاستدان

لاہور (این این آئی) ممتاز کامیڈین، پروڈیوسر اور اداکار عرفان کھوسٹ نے اپنے پسندیدہ سیاستدان سے متعلق گفتگو کی۔ عرفان کھوسٹ نے اپنی دلچسپ باتوں سے ناظرین اور حاضرین کو خوب محظوظ کیا۔ پسندیدہ سیاستدان سے متعلق سوال پر انہوں نے چوہدری شجاعت حسین کا نام لیا۔ عرفان کھوسٹ نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا اگر قیام پاکستان کے وقت چوہدری شجاعت ڈھائی تین منٹ زیادہ سمجھدار ہوتے تو یقین کیجیے انہوں نے قائداعظم کی مسلم لیگ اور گاندھی کی کانگریس دونوں پارٹیوں میں ہونا تھا۔

سکول میں فیس نہ دینے پر اکثر شرمندگی اٹھانا پڑتی تھی، عامر خان

سب سمجھتے ہیں میں چاندی کا چمچہ منہ میں لے کر پیدا ہوا لیکن ایسا نہیں تھا



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے انکشاف کیا ہے کہ سپر اسٹار بننے سے قبل ان کے گھر کے اتنے برے حالات تھے کہ وہ بے گھر ہونے کے قریب تھے۔ حال ہی میں عامر خان اور کرینہ کپور کی فلم لال سنگھ چڈھا ریلیز ہوئی، فلم کی ریلیز سے قبل عامر خان نے ایک انٹروی

بقیہ 1

کہ سیاسی جماعتوں میں اتنی ہی خرابیاں ہیں جتنی اور شعبوں میں ہیں۔ رہنما جے یو آئی ف مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ملکی معیشت کو ریورس گیئر لگا ہوا ہے، اس کی سمت کو درست کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں معاشی اور خارجہ پالیسی سمیت کئی چیزیں آزاد نہیں۔

بقیہ 2

کر گئے جبکہ 156 مریضوں کی حالت نازک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 19 ہزار 312 ٹیسٹ کئے گئے جس میں 526 افراد کا کورونا ٹیسٹ مثبت آیا۔ این آئی ایچ کا مزید کہنا ہے کہ کورونا کے 156 مریضوں کی حالت نازک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک میں کورونا مثبت کیسز کی شرح 2.72 ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 3

روپے کی قدر مزید بہتر ہوگی اور ڈالر 185 پر آجائے گی۔ اس وقت جو شخص ڈالر فروخت کرے گا اس کو منافع ہوگا مگر جو فروخت کرنے کے بجائے ذخیرہ کرے گا تو وہ بعد میں پچھتائے گا۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان سے جاری بیان کے مطابق قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر مرتضی سید اور ڈپٹی گورنر ڈاکٹر عنایت سے فاریکس ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی اور ملک بوستان نے انہیں بتایا کہ گزشتہ ماہ ڈالر کا ریٹ جب 245 روپے تک چلا گیا تھا تو ہم نے عوام سے درخواست کی تھی کہ اس وقت پاکستان کو زرمبادلہ کی اشد ضرورت ہے، آپ ڈالر خریدنے کے بجائے اپنے پاس موجود نقد ڈالر اور دوسری غیر ملکی کرنسی جو گھروں اور لاکروں میں پڑی ہیں ان کو فروخت کر کے پاکستانی روپے میں سرمایہ کریں کیونکہ ڈالر کا ریٹ بہت جلد 245 روپے سے کم ہوکر 185 روپے تک جاسکتا ہے۔

بقیہ 4

ہم سے آگے نکل گئے ہیں، ہمیں اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو دو روزہ لیڈرز سمٹ بزنس کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پچھلے سال 5200 ارب کا خسارہ کیا، اس سال 4000 ارب روپے کا بجٹ خسارہ متوقع ہے۔ مجھے شعبے کے پاس اتنے پیسے نہیں کہ وہ حکومت کی مدد کر سکے، اس لئے قرض لینا پڑ رہے ہیں، قرض لئے ہیں لیکن صحیح استعمال نہیں کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ 2013 سے 2018 تک 11500 میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کی گئی۔ ہم نے بجلی کی پیداوار ڈبل کرلی لیکن صنعت کی پیداوار ڈبل نہیں ہوئی، برامدات بھی ڈبل نہیں ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس بڑھانا ہوگا یا اخراجات کم کرنا ہوں گے، ہم 80 ارب ڈالر کی درآمدات کررہے ہیں، استعمال کی ہر چیز درآمد کررہے ہیں، جو بھی چیز بناتے ہیں مقامی مارکیٹ میں فروخت کرتے ہیں، برآمد نہیں کرتے۔ 80 فیصد ملکی پیداوار ملک میں ہی استعمال کرتے ہیں۔ درآمدات پر انحصار کم اور برآمدات کو بڑھانا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکئی کے علاوہ تمام فصلوں کی پیداوار میں بھارت، چین اور دنیا سے پیچھے ہیں۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ پچھلے سال ساڑھے چار ارب ڈالر کا خوردنی تیل درآمد کیا، ہم کینولا کی پیداوار بڑھانے پر توجہ دے رہیں، زراعت کی پیداوار کو بڑھانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، برآمدی صنعت پر توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تعلیم میں بہت پیچھے ہیں۔ ہمارے آدھے بچے سکول سے باہر ہیں۔ تعلیم کے میدان میں صوبائی حکومتیں بھی ناکام رہی ہیں، مجھے شعبہ آگے آئے، اگر ایک نسل کو پڑھا دیں تو اگلی نسلیں بہت آگے نکل جائے گی۔

بقیہ 5

تیز کرنیوالوں کا پلڑہ بھاری ہورہا ہے پارٹی میں اسٹیبلشمنٹ سے قریبی مراسم رکھنے سے عوامی سطح پر مقبولیت کو ہونیوالے زیاں کا ذکر اب کھلے عام کیا جارہا ہے الزام لگایا جارہا ہے کہ میاں شہباز شریف کی پالیسیوں کی وجہ سے پارٹی کو پنجاب خصوصاً لاہور گوجرانوالہ' فیصل آباد میں بڑا ''سیٹ بیک'' ہوا ہے اور اگر یہی سلسلہ جاری رہا تو پارٹی کا گڑھ پنجاب ہاتھ سے چھن سکتا ہے اسی وجہ سے اب مریم نواز کو میدان میں اتارا جارہا ہے اور وہ پارٹی میں شہباز شریف کی جگہ لے سکتی ہیں پارٹی کو متحرک کیا جارہا ہے ووٹ کو عزت دو کا ''بیانیہ'' پھر اختیار کیا جارہا ہے' مریم نواز اب عوامی مشکلات و مسائل پر بھی کھل کر اظہار خیال کریں گی حکومت پر تنقید بھی ہوگی

بقیہ 6

وزیراعظم اتحادیوں کو ٹیلیفونک یا پھر اعلی سطح اجلاس بلا کر مشاورت کریں گے اور اعتماد میں لیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل سمیت دیگر متعلقہ حکام کی جانب سے بریفنگ بھی دیئے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 7

آئی اے کے مطابق ملزم وزارت داخلہ کی جعلی ویب سائٹ بنانے میں ملوث ہے، ملزم شہریوں کو گاڑی کے کالے شیشوں کے جعلی پرمٹ بھی جاری کرتا تھا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 8

وہ اپنی ملازمت کے کوائف سمیت ذاتی کوائف پرمبنی پرفارما 28 اگست تک جمع کروادیں۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ محکمہ کسٹمز کے وہ تمام مرد افسران جنہوں نے غیر ملکی خواتین سے شادی کر کے دوہری شہریت حاصل کر رکھی ہے اور وہ تمام خواتین افسران جنہوں نے غیر ملکی مردوں کے ساتھ شادی کر کے دوہری شہریت حاصل کر رکھی ہے کا ڈیٹا اکٹھا کیا جارہا ہے۔

بقیہ 9

اسپیکر قومی اسمبلی نے مشترکہ اجلاس کے شیڈول میں تبدیلی پارلیمنٹ کے جوائنٹ سیشنگو رولز 1973 کے قاعدہ 4 کے تحت تفویض شدہ اختیارات کو بروئے لاتے ہوئے کی ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے مجلس شوری پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے شیڈول میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

بقیہ 10

امیدواروں کی انتخابی مہم کو مانیٹر کریں گی اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر فوری ایکشن لیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ مانیٹرنگ ٹیمیں ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں گی، اس کی خلاف ورزی کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جائے گا اور اس کا ارتکاب کرنے والوں کو قانون کے مطابق فوری سزا دی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق مانیٹرنگ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ الیکشن کمیشن کو بھیجیں گی۔

بقیہ 11

ایم ایف کو پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی 50 روپے لیٹر تک بڑھانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ یکم ستمبر سے پیٹرول پر 10 روپے اور ڈیزل پر 5 روپے لیوی بڑھائی جائے گی، ستمبر میں پیٹرول پر لیوی بڑھ کر 30 اور ڈیزل پر 15 روپے ہوجائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ آنے والے مہینوں میں لیوی میں مزید پانچ پانچ روپے لیٹر اضافہ کیا جائیگا اور اس طرح جنوری 2023 تک لیوی بڑھ کر 50 روپے فی لیٹر تک ہو جائے گی۔ یاد رہے کہ اس وقت پیٹرول لیوی 20 روپے اور مٹی کے تیل پر 10 روپے ہے جبکہ ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے رواں مالی سال پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی کی مد میں 855 ارب روپے وصول کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ یاد رہے کہ آئی ایم ایف نے پاکستان کو ایک ارب 17 کروڑ ڈالر قرض کی ادائیگی کیلئے چند روز قبل لیٹر آف انٹینٹ بھیجا تھا جسے وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل اور گورنر اسٹیٹ بینک کے دستخط کے بعد دوبارہ آئی ایم ایف کو بھجوا دیا گیا ہے۔

بقیہ 12

ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات جمعیت علما اسلام سٹی لاہور قاری منظور الحسن چترالی کی طرف سے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا کشمیریوں کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو وفا کرے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قرارداد پر عمل درآمد کرواتے ہوئے کشمیریوں کو ان کا پیدائشی حق حق خودارادیت دلوانے کے لیے اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ اقوام عالم کی بے حسی کے باعث ہندوستان اہل کشمیر پر مظالم کی انتہا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی قابض افواج نے مقبوضہ کشمیر میں قتل وغارت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ بھارتی ہٹ دھرمی خطے کے امن کے لیے بڑا خطرہ ہے۔

بقیہ 13

ایڈجسٹ کیا گیا جبکہ مسافر سفر نہ کرنے والے مسافروں کو ان کے پیسوں کی ادائیگی کر دی گئی۔ علاوہ ازیں 42 ڈاؤن قراقرم ایکسپریس آدھا گھنٹہ، 16 ڈاؤن کراچی ایکسپریس 45 منٹ جبکہ 44 ڈاؤن شاہ حسین ایکسپریس رات ایک گھنٹہ تاخیر کا شکار رہی۔

بقیہ 14

کوئی بھی الیکشن نہیں لڑ رہا لیکن بطور منتخب رکن بدین کے عوام کی نمائندگی کرنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ حلقہ بندی بھی کرتی ہے اور آرا بھی ان کا ہی ہوتا ہے، ایک ماہ سے انتخابی مواد ڈپٹی کمشنرز کے پاس پڑا ہوا ہے، سپریم کورٹ سے استدعا ہے کہ انتخابی مواد کا آڈٹ کرایا جائے۔ چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیئے کہ الیکشن کمیشن ملک کے باہر سے تو افرادی قوت منگوا نہیں سکتا، الیکشن کمیشن بہت محنت سے کام کر رہا ہے، پنجاب کے 20 حلقوں میں پرامن ضمنی انتخابات ہوئے، حلقہ بندی میں بھی دن رات الیکشن کمیشن نے محنت کی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فہمیدہ مرزا سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کی درخواست میں دم ہوا تو آپ کو سن لیں گے۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ نے سندھ میں بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے سے قبل حلقہ بندیوں سے متعلق ایم کیو ایم پاکستان کی درخواست نمٹاتے ہوئے کہا کہ صوبے میں بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ 28 اگست کو ہی ہوگا۔

بقیہ 15

نے آگ پر قابو پالیا آتشزدگی کی وجہ معلوم نہ ہوسکی پولیس تھانہ سوہدرہ مصروف تفتیش تفصیلات کے مطابق سوہدرہ کے محلہ آرائیاں میں افسوسناک واقع پیش آیا۔ جہاں زوہیب مہر نامی شہری کے گھر میں آتشزدگی سے دو خواتین جان کی بازی ہار گئیں ابتدائی تحقیقات کے مطابق آتشزدگی سے جاں بحق ہونے والی خواتین ساس بہو ہیں جن کی شناخت 23 سالہ ابتسام اور 50 سالہ کوثر بی بی کے نام سے ہوئی ہے۔ جاں بحق ہونے والی خاتون ابتسام حاملہ بتائی جاتی ہے جس کے ہاں دو روز بعد پہلے بچے کی پیدائش متوقع تھی ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز نے آگ پر قابو پالیا ہے محلہ آرائیاں کے شہری زوہیب مہر کے گھر میں ہونے والی آتشزدگی کی وجہ تاحال سامنے نہ آئی ہے اے ایس پی وزیرآباد اختر نواز تحویلی اور پولیس ٹیم نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کا آغاز کر دیا جبکہ جاں بحق ہونے والی خواتین کی نعشیں اسپتال منتقل کردی گئیں۔

بقیہ 16

ایس بابر نے اپیل میں فریق بننے کے لیے ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی، ہائیکورٹ نے تین رکنی لارجر بینچ تشکیل دیا تھا جو کہ کل پی ٹی آئی کی اپیل پر سماعت کرے گا۔ ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اکبر ایس بابر نے کہا کہ منوعہ فنڈنگ کیس میں لارجر بینچ تشکیل دیا گیا ہے لیکن اس میں فریق نہیں بنایا گیا، ہم سمجھتے ہیں جہاں الیکشن کمیشن کے فیصلے کو چیلنج کیا ہے اس میں ہم فریق بنیں، بارہا کوشش کی گئی کہ ہمیں نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی فنڈ ریزنگ کو غیر قانونی قرار دیا گیا ہے اور میں کہتا آیا ہے ہوں یہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا فنڈنگ اسکینڈل ہے جبکہ اس اسکینڈل میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شریک ہیں، فنانشل ٹائمز کی خبر نے ثابت کیا ابراج سے ڈالرز آئے۔ اکبر ایس بابر کا کہنا تھا کہ یہ کیس پاکستان کی سیاست کو تبدیل کر دے گا، شوکاز کے نتیجے میں آنے والے دنوں میں جو فیصلے آئیں گے قوم کی آنکھیں کھل جائیں گی۔ اس سے قبل، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے پی ٹی آئی منوعہ فنڈنگ کیس کی تحقیقات کا دائرہ کار بیرون ممالک تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف آئی اے نے امریکا اور برطانیہ سمیت دیگر ممالک سے پی ٹی آئی کو ہونے والی فنڈنگ کے بارے میں متعلقہ تحقیقاتی اداروں کے ذریعے بھی وہاں کی کمپنیز و شخصیات کے بارے میں معلومات جمع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سینئر آفیسر کا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہنا تھا کہ امریکی ایف بی آئی سمیت برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی اور دیگر ممالک کے ایسے اداروں سے مدد کے لیے رجوع کیا جارہا ہے۔ تحقیقات ابھی ریکارڈ اور اکاؤنٹس اکٹھے کر کے معلومات کو یکجا کرنے کے مرحلے میں ہیں جنہیں یکسو کر کے آگے بڑھایا جارہا ہے۔

بقیہ 17

طاہر راؤ (ہلال شجاعت) نے وفد کو انسداد دہشت گردی وشدت پسندی میں نیکٹا کی کاوشوں پر تفصیلاً بریف کیا۔ اس موقع پر نیشنل کوآرڈینیٹر نے انسداد دہشت گردی کے سلسلے میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ مسٹر گاؤنی نے انسداد دہشت گردی و شدت پسندی میں پاکستان کی کاوشوں کو سراہا۔ ملاقات میں دونوں اطراف سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ سی پیک پروجیکٹس کو سبوتاژ کرنے والے تمام مشترکہ دشمن عناصر کے خلاف مل کر نمٹا جائے گا۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ نیکٹا اور NCTLGO پر تشدد عناصر کی سرکوبی کیلئے مشترکہ حکمت عملی بنائیں گے اور ایسے تمام غیر ریاستی عناصر کو شکست دیں گے۔

بقیہ 18

بجلی کی قیمتوں پر اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر مشتاق احمد بجلی کا بل ایوان میں لے آئے، انہوں نے کہا کہ ایک خاتون کا بل ہے جس کا بجلی کا بل کل 700 کچھ روپے ہے لیکن بل میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ میں ساڑھے سات ہزار روپے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس بجلی کے بل میں 11 قسم کے ٹیکس لگائے گئے ہیں، اس طرح کے اقدامات ہمارے لیے ناقابل برداشت ہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پونے سات روپے تک اضافہ ہوا، میں اس اقدام کی پرزور مذمت کرتا ہوں اس سے عوام پر اضافی بوجھ پڑے گا۔ سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ یہ ثابت ہوگیا کہ پی ڈی ایم کی حکومت ناکام ہو چکی ہے، ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مستحکم اور عالمی مارکیٹ میں قیمتیں کم ہورہی ہیں، جب گزشتہ حکومت گئی تو ڈالر 171 روپے اور پیٹرول 150 روپے فی لیٹر تھا۔

بقیہ 19

کی بحالی سمیت اقوام متحدہ کے پاکستان کے ساتھ کام اور تعاون کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ امن کے قیام، انسانی ہمدردی کی سرگرمیوں، موسمیاتی تبدیلیوں اور پائیدار ترقی کے لیے بین الاقوامی تعاون کے شعبوں میں پاکستان اقوام متحدہ کے کاموں میں فعال کردار ادا کررہا ہے۔ وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے ایجنڈے 2030 اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے پاکستان کی پیشرفت کی حمایت میں اقوام متحدہ کی جانب سے ادا کئے گئے اہم کردار کو سراہا۔ وزیراعظم نے پاکستان بھر میں حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں لوگوں کو انسانی بنیادوں پر ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر نے وزیراعظم کو اقوام متحدہ کی پاکستان میں پائیدار ترقی، انسانی امداد، ماحولیاتی تحفظ، خوراک کی حفاظت اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبوں جاری سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کورونا وائرس کی وباسے لچکدار بحالی اور پائیدار ترقی کے لئے پاکستان کی جاری کوششوں میں اقوام متحدہ کی طرف سے مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔ جولین ہارنیس جنوری 2020 سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوارڈینیٹر کے طور پر اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، وہ اقوام متحدہ کی کنٹری ٹیم جس میں اقوام متحدہ کی تمام ایجنسیاں، فنڈز، پروگرام شامل ہیں، کی سربراہی کر رہے ہیں اور پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اور منصوبوں سے اقوام متحدہ کے ملک میں اقدامات کی ہم آہنگی یقینی بنا رہے ہیں۔

بقیہ 20

اعتراف میں دیا گیا ہے دنیا کی کئی ممتاز شخصیات اور سربراہان مملکت وحکومت یہ اعلی ترین اعزاز حاصل کر چکے ہیں۔

بقیہ 21

خلاف جنگ میں پولیو ورکرز کا کلیدی کردار ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈی آئی خان یونین کونسل مہرا میں پولیو ورکرز کے حوصلے کو سلام۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے پانی میں پولیو مہم کے لئے سامان پہنچایا جارہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پولیو ورکرز ہمارے قومی ہیروز ہیں، پولیو کے خلاف جنگ میں پولیو ورکرز کا کلیدی کردار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پولیو ورکرز سے تعاون کریں، اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں۔ انہوں نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں ان کو مستقل معذوری سے بچانا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ علماء کرام میڈیا سول سوسائٹی پولیو کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کی جنگ والدین کے تعاون کے بغیر نہیں جیتی جاسکتی ہے۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 22

بدھ کو وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے ریڈیو پاکستان کے زیر اہتمام قیام پاکستان اور ریڈیو پاکستان کی ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ ریڈیو پاکستان کے سینئر فنکاروں، صداکاروں، گلکاریوں، شاعروں، موسیقاروں اور دیگر شعبہ جات سے تعلق والے افراد کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا ہک ریڈیو اور پاکستان کا جنم ساتھ ساتھ ہوا، ریڈیو پیارے پاکستان کی آواز اور پاکستانیت کی علامت ہے، ریڈیو نے معاشرے میں اعتدال پسند رویوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا، ریڈیو کے کردار میں کمی سے معاشرے میں انتہا پسند رویے بڑھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کے سینئر آرٹسٹ ہمارا اثاثہ ہیں، ہمیں ان کے ہنر اور صلاحیتوں سے استفادہ کرنا چاہئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سینئر آرٹسٹوں کے بغیر ہماری ڈائمنڈ جوبلی کی تقاریب مکمل نہیں ہوتیں۔ وزیر اطلاعات نے مختلف کیٹیگریز میں منتخب ہونے والے افراد کو ایوارڈز بھی دیئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سینئر آرٹسٹوں کے ساتھ مل کر پاکستان کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں قیام پاکستان سے اب تک ریڈیو پاکستان پر چلنے والے قومی ترانے، ملی نغموں کی جھلکیاں پیش کی گئیں اور خصوصی پرفارمنسز بھی پیش کی گئیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اس موقع پر ریڈیو پاکستان کی انتظامیہ اور سینئر آرٹسٹوں کو پاکستان کی سالگرہ کی مبارک پیش کی۔ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل ریڈیو سہیل علی خان، پرنسپل انفارمیشن آفیسر مبشر حسن سمیت وزارت اطلاعات ونشریات کے دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 23

اضافے پر مسلم لیگ ن کے سربراہ سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف اور مریم نواز نے ناراضگی کا اظہار کیا ہے اسی طرح پیپلز پارٹی کے شریک چیرمین آصف علی زرداری نے بھی اعتراض کیا ہے جس پر وزیر خزانہ نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف اور مریم نواز کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی ناراضگی پر کوئی بات نہیں کرسکتا ہوں تاہم آصف علی زرداری سمیت دیگر اتحادیوں کے ساتھ بات کرسکتا ہوں انہوں نے کہا کہ ہم نے تمام مشکل فیصلوں میں اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لیا ہے ہم نے ملک کو بچانا ہے۔

بقیہ 24

جولائی 1977ء میں ملک کے حکمران بنے وہ گیارہ برس تک ملک کے بیک وقت صدر اور فوجی سربراہ رہے۔ صدر ضیاء الحق 17 اگست 1988ء کو جنوبی پنجاب کے شہر بہاول پور کے نزدیک علاقہ لال کمال میں C130 طیارے کے حادثے میں جاں بحق ہوئے اس حادثے میں ان کے ساتھ پاکستان

میں اس وقت کے امریکی سفیر آرنلڈ رافیل، امریکی ملٹری کمانڈر جنرل واسم سمیت اعلیٰ افسران بھی جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ 25

اختلاف سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے کہا کہ وقفہ سوالات حکومت کا احتساب ہوتا ہے، بہت زیادہ مجبوری نہ ہو تو وقفہ سوالات معطل نہیں کیا جانا چاہیے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ہمیں رات کو ہی نوٹیفکیشن موصول ہوا جس کی وجہ سے وقفہ سوالات بدھ کو ایجنڈے میں شامل نہیں کیا جاسکا، (آج) جمعرات سے معمول کے مطابق وقفہ سوالات ایجنڈے پر موجود ہوگا۔ سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ عجلت میں اجلاس بلانے کی ضرورت نہیں تھی، ارکان کو مناسب وقت ملنا چاہیے۔ قائد ایوان سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کچھ ضروری بزنس تھا جس کی وجہ سے اجلاس بلایا گیا ہے حالانکہ وزیراعظم کی طرف سے اجلاس بلانے کی ایڈوائس پہلے ہی بھجوا دی گئی تھی، نوٹیفکیشن میں تھوڑا وقت لگا ہے، آئندہ اس حوالے سے احتیاط برتی جائے گی۔ بعدازاں سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے وقفہ سوالات معطل کرنے کی تحریک پیش کی جسے منظور کرلیا گیا۔

بقیہ 26

کے دوران متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا ہے۔ ترجمان پاک بحریہ نے بتایا کہ دبئی بندرگاہ پہنچنے پر متحدہ عرب امارات کی بحریہ اور پاکستانی سفارتی حکام نے جہاز کا استقبال کیا۔ ترجمان نے کہا کہ جہاز کے کمانڈنگ آفیسر نے میزبان حکام سے ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ یوم آزادی کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے سلسلے میں پی این ایس ذوالفقار پر پرچم کشائی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دورہ کے اختتام پر دونوں ملکوں کی افواج نے بحری مشق میں حصہ لیا۔ پاک بحریہ کے ترجمان نے بتایا کہ پی این ایس ذوالفقار کے اس دورے اور بحری مشق میں شرکت سے دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ 27

ریڈیو پاکستان نے ایوارڈز تقریب کا اہتمام کیا۔ وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے جو اس موقع پر مہمان خصوصی تھیں ریڈیو پاکستان اور پی ٹی وی کو ملک کا اثاثہ قرار دیا اور کہا کہ دونوں اداروں نے معاشرے میں رواداری اور امن کے فروغ میں شاندار کردار ادا کیا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کے فنکاروں نے اپنی آوازوں کے ذریعے اچھی شخصیت کے اوصاف پیدا کرنے اور سازگار ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ ہر خاندان کے پاس ریڈیو پاکستان کی یادیں موجود ہیں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ڈائمنڈ جوبلی ایوارڈ 2022 کے انعقاد کا مقصد ان فنکاروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا تھا انہوں نے کہا کہ ایوارڈز کی اس تقریب کو مستقل بنایا جائے گا اور کہا کہ صرف وہی معاشرے ترقی کرتے ہیں جو اپنے فنکاروں کو عزت دیتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے اس بات کو بھی سراہا ہے کہ مشکل معاشی حالات کے دوران ریڈیو پاکستان اور پاکستان ٹیلی ویژن ثابت قدم رہے اور اپنی موجودگی کو برقرار رکھا ان کی مضبوط اور ٹھوس بنیاد کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ یہ ادارے قائم رہیں گے انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان اور پی ٹی وی محض ادارے نہیں ہیں بلکہ وہ ایک گھر کی طرح ہیں۔ وزیر اطلاعات نے نئے فنکاروں سے یہ بھی کہا کہ وہ سیکھنے اور تربیت حاصل کرنے کے مقصد سے ریڈیو پاکستان اور پی ٹی وی کے آرکائیوز سے فائدہ اٹھائیں انہوں نے کہا کہ ایک ایپ تیار کی جارہی ہے جس سے عوام پی ٹی وی کے پروگرام دیکھ سکیں گے۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں ڈائریکٹر جنرل ریڈیو پاکستان سہیل علی خان نے کہا کہ ریڈیو پاکستان نے گزشتہ 75 سال سے نظریہ پاکستان کی حقیقی ترجمانی کی ہے اور قومی یکجہتی کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ جنگ کے زمانے میں بھی ریڈیو پاکستان دشمن کے عزائم کو ناکام بنانے کیلئے مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کی نشریات کُل علاقے کے 95 فیصد حصے میں پہنچ رہی ہیں، قومی اور علاقائی دونوں زبانوں میں پروگرام نشر کئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان خصوصاً ہنگامی صورتحال اور قدرتی آفات کے دوران اپنی نشریات کے دورانیے میں اضافہ کرتا ہے، انہوں نے کہا کہ قومی نشریاتی ادارے کی ٹویٹر، فیس بک، یوٹیوب اور انسٹاگرام سمیت سوشل میڈیا کے پلیٹ فارمز پر بھرپور موجودگی ہے۔ ریڈیو پاکستان کی پوری ٹیم کی جانب سے سہیل علی خان نے پاکستان کی ترقی کی کوششوں میں حکومت کے ساتھ کھڑا ہونے کا یقین دلایا۔ علمائے کرام، قراء کرام، اناؤنسرز، خصوصاً ادبی حالات حاضرہ، کھیلوں اور زراعت کے مختلف پروگراموں کے اینکرز، ڈرامہ فنکاروں، گلکاریوں، موسیقاروں اور نیوز ریڈرز سمیت 19 کیٹیگریز میں اعزازات دیئے گئے۔ 32 شخصیات کو اعزازات سے نوازا گیا، علمائے کرام اور قراء کرام کی کیٹیگری میں قاری محمد اقبال اور عبدالرحمٰن فاروقی کو ایوارڈز دیئے گئے۔ خبروں اور حالات حاضرہ کے چینل کے بہترین اینکر کا ایوارڈ نسرین نقوی، مردوں میں بہترین نیوز ریڈر دمن زمان، خواتین میں بہترین نیوز ریڈر تسکین ظفر، مردوں میں اناؤنسر خالد ملک اور خواتین میں بہترین اناؤنسر کا ایوارڈ شازیہ عندلیب کو دیا گیا۔ خواتین پروگرام کی کیٹیگری میں نوشابہ ظفر، بچوں کے پروگرام میں تنویر سلیم اور زرعی پروگرام میں ناظم حسین نے ایوارڈز وصول کیے۔ نوجوان مردوں میں ساحل خان اور نوجوان خواتین میں شیبہ ملک کی آوازوں کو بہترین قرار دیا گیا۔ حفیظ فاطمہ کو بہترین ڈرامہ آرٹسٹ، ناصر بلوچ کو بہترین ڈرامہ نویس، مجاہد حسین بہترین موسیقار اور لوک موسیقی کی کیٹیگری میں محمد ملوک نے ایوارڈ وصول کیا۔ خیال محمد نے مہدی حسن ایوارڈ اور تاج مستانی نے نور جہاں ایوارڈ وصول کیا۔ سپر سٹار ایوارڈز اعجاز قیصر، فاروق سرور، توشیق حیدر، شیر باز خان بر چھا، مسز نجم آرا، مہدی ظہیر، گلوکارہ سائرہ نسیم، گلوکارہ محمد علی اور گلوکار غلام عباس نے وصول کیے۔ لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈز وصول کرنے والوں میں فردوس جمال، ضیاء جالندھری، خالد عباس ڈار، ڈاکٹر رشیدہ حسن، طلعت حسین، روبینہ قریشی اور ڈاکٹر نسیمہ خاتون شامل ہیں۔

بقیہ 28

ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی کوہسار حیدر علی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 29

مطابق چین کی مکئی کی 70 فیصد درآمدات امریکہ سے اور 29 فیصد یوکرین سے آتی ہیں، عالمی سیاسی اور سماجی ہلچل کے درمیان، چین کی مکئی کی درآمد کی مانگ بتدریج پھیل رہی ہے۔ چینی میڈیا نے انکشاف کیا کہ اس سال جون میں چین کے شمال مشرقی علاقے خاص طور پر لیاونگ اور جی لن سیم زدہ ہونے سے مکئی کی پیداوار خطرے میں پڑ گئی ہے، اس کی وجہ سے پیداوار میں 6 سے 8 ملین ٹن کا نقصان ہوا۔ گوادر پرو کے مطابق دریں اثنا پاکستان کی مکئی کی پیداوار گزشتہ

ریڈیو پاکستان کے سینئر آرٹسٹ ہمارا اثاثہ ہیں، وزیر اطلاعات

فردوس جمال، ضیاء جالندھری، خالد عباس ڈار، ڈاکٹر رشیدہ حسن، طلعت حسین، روبینہ قریشی اور ڈاکٹر نسیمہ خاتون نے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ حاصل کیے

ڈائمنڈ جوبلی ایوارڈ 2022ء کی تقریب کی مہمان خصوصی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے فنکاروں کو ایوارڈز دیئے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ریڈیو پاکستان کا مایہ ناز یہ فنکاروں کی خدمات کے اعتراف میں ڈائمنڈ جوبلی ایوارڈز 2022ء کی تقریب کا انعقاد فردوس جمال، ضیاء جالندھری، خالد عباس ڈار، ڈاکٹر رشیدہ حسن، طلعت حسین، روبینہ قریشی اور ڈاکٹر نسیمہ خاتون نے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ حاصل کیے مہمان خصوصی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے فنکاروں کو ایوارڈز دیئے، ڈائریکٹر جنرل ریڈیو پاکستان سہیل علی خان کا پاکستان کی ترقی کی کوششوں میں ہاتھ بٹانے کا عزم ریڈیو پاکستان نے اپنے مایہ ناز فنکاروں کی خدمات کے اعزاز اور اعتراف میں اسلام آباد میں ڈائمنڈ جوبلی ایوارڈز 2022 کی رنگا رنگ تقریب کا اہتمام کیا۔ ایک طویل عرصے کے وقفے کے بعد (بقیہ نمبر 27)

چینی ماہرین سی پیک کے تحت مکئی میں تعاون کے خواہاں

ہم پاکستان کیساتھ تعاون سے زیادہ خوش ہیں، بیجنگ اکیڈمی آف ایگریکلچرل اینڈ فارسٹری سائنسز

اسلام آباد (این این آئی) چین کے مکئی ماہرین نے کہا ہے کہ چین میں سائلج مکئی کی بہت زیادہ مانگ ہے، سائلج کارن فیڈ کی موجودہ پیداوار کافی نہیں ہے، ہم پاکستان کے ساتھ تعاون سے زیادہ خوش ہیں، چینی مکئی کی کئی اقسام پاکستان میں کاشت کی جاسکتی ہیں، مستقبل مکئی سے متعلق ٹیکنالوجی کے تبادلے کے لیے امید افزا ہے گوادر پرو کے (بقیہ نمبر 29)

فیصل آباد ڈائریکٹر لائل پور میوزیم میاں عتیق احمد فرانس کے محقق پروفیسر ڈاکٹر پیری ایلین ہڈ کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

محکمہ لائیوسٹاک ٹیم کا ویٹرنری ڈرگ سٹورز پر چھاپہ

بھی سکن ڈیزیز کی جعلی ویکسین اور سیرم برآمد، تین دوکانیں سیل

سرگودہا (ظہور حسین بخاری) محکمہ لائیوسٹاک ٹیم نے اندرون شہر ویٹرنری ڈرگ سٹورز پر چھاپے مار کر بھی سکن ڈیزیز کی جعلی ویکسین اور سیرم برآمد کر کے تین دوکانات کو سیل کر دیا اور مزکورہ کیمپل حاصل کر کے تجزیہ کے لئے لیبارٹری بھجوا دیئے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک اور ڈرگ کنٹرولر ڈسٹرکٹ کی سربراہی میں ٹیم کے ہمراہ ویٹرنری ڈرگ سٹورز نوری گیٹ پر اچانک چھاپے مار کر بھی سکن ڈیزیز کی جعلی ویکسین اور سیرم برآمد کر (بقیہ نمبر 32)

ریمانڈ اور دو دن کی جیل میں کیوں زلزلے آرہے ہیں؟

کیا عمران خان نے اپنے چیف آف اسٹاف کو بیان دینے پر برطرف کیا؟ کیا آپ ملک دشمن بیانیے کیساتھ کھڑے ہیں؟

سارے کھیل میں پرویز الٰہی پیچھے بیٹھ کر ڈوریاں ہلا رہے ہیں، عطاء اللہ تارڑ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی عطاالللہ تارڑ نے کہا ہے کہ دو دن کے ریمانڈ اور دو دن کی جیل میں کیوں زلزلے آرہے ہیں؟، کیا عمران خان نے اپنے چیف آف اسٹاف کو بیان دینے پر برطرف کیا؟ کیا آپ ملک دشمن بیانیے کے ساتھ کھڑے ہیں؟، سارے کھیل میں پرویز الٰہی پیچھے بیٹھ کر ڈوریاں ہلا رہے ہیں، وہ جیل میں ملاقاتیں کروا رہے ہیں، پروٹوکول دے (بقیہ نمبر 33)

اسدالدین اویسی کی کشمیری پنڈت کے قتل پر مودی حکومت پر کڑی تنقید

بلقیس بانو کیس کے مجرموں کی رہائی خواتین کی عصمت دری کرنے والوں کو چھوٹ دینے کے مترادف ہے

نئی دلی (اے ایف بی) آل انڈیا مسلم مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں کشمیری پنڈتوں کی ٹارگٹ کلنگ پر مودی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پنڈتوں کے تحفظ میں ناکام رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اسدالدین اویسی نے ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 36)

کراچی کے مختلف اضلاع کی حلقہ بندیوں کیخلاف چھ درخواستوں پر سماعت

ایک معاملہ سپریم کورٹ میں بھی ہے ہم کیسے فیصلہ دے دیں؟، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ

کراچی (این این آئی) چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ احمد علی ایم شیخ نے ریمارکس دیئے ہیں کہ حلقہ بندیوں سے متعلق سپریم کورٹ میں بھی درخواستیں زیر سماعت ہیں، ایک معاملہ سپریم کورٹ میں بھی ہے ہم کیسے فیصلہ دے دیں؟۔ بدھ کو سندھ ہائی کورٹ میں کراچی کے مختلف اضلاع کی حلقہ بندیوں کے خلاف ایم کیو ایم کی چھ درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت وکیل ایم کیو ایم پاکستان نے موقف اپنایا کہ وہ درخواستیں سیاسی جماعتوں کی جانب سے الیکشن کمیشن کے فیصلوں کے خلاف تھیں۔ موجودہ درخواستیں (بقیہ نمبر 37)

ضمانت منسوخی کے بعد حلیم عادل شیخ کو حراست میں لے لیا گیا

12 نوٹسز کے باوجود حلیم عادل شیخ بیان ریکارڈ کرانے نہیں آئے، حکام اینٹی انکروچمنٹ

کراچی (این این آئی) اینٹی انکروچمنٹ حکام نے ضمانت منسوخی کے بعد پی ٹی آئی رہنما اور سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر حلیم عادل شیخ کو حراست میں لے لیا ہے، حلیم عادل شیخ پر سرکاری زمین پر قبضے کا الزام ہے۔ بدھ کو اینٹی انکروچمنٹ ٹریبونل میں اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی حلیم عادل شیخ کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے حلیم عادل شیخ کی ضمانت منسوخ کردی، اینٹی انکروچمنٹ حکام نے حلیم عادل شیخ کو حراست میں لے لیا۔ دوران سماعت اینٹی انکروچمنٹ نے عدالت کو بتایا کہ حلیم عادل شیخ پر سرکاری زمین پر قبضہ کا الزام ہے۔ ملزم تحقیقات میں شامل نہیں ہو رہے ہیں۔ 12 نوٹسز کے باوجود حلیم عادل (بقیہ نمبر 38)

آیان
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

راولپنڈی' جواء کھیلنے والے قمار باز صدر واہ پولیس کی حراست میں

صدر واہ پولیس کی کاروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 09 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 43 ہزار 500 روپے، 10 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صدر واہ پولیس کی کاروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 09 قمار باز گرفتار، داؤ پر لگی رقم 43 ہزار 500 روپے، 10 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 09 قمار بازوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں عظمت، سعید، قیصر، عدنان، نازک حسین، جمال، وسیم، عطاء اللہ اور جہانگیر شامل ہیں، ملزمان (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں

03 ملزمان گرفتار، 30 بوتل شراب اور 15 لیٹر شراب برآمد، الگ الگ مقدمات درج

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، 30 بوتل شراب اور 15 لیٹر شراب برآمد، الگ الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر شمراقبال کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 25 بوتل شراب اور 10 لیٹر شراب برآمد ہوئی، (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی' شراب سپلائر نیو ٹاؤن پولیس کی حراست میں

کوٹلی ستیاں پولیس کی اہم کاروائی، مویشی چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کوٹلی ستیاں پولیس کی اہم کاروائی، مویشی چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ مویشی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق کوٹلی ستیاں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے مویشی چوری کی واردات میں ملوث ملزم مبشر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے مالیتی 01 لاکھ 30 ہزار روپے کے چوری مویشی برآمد ہوئیں، ایس (بقیہ نمبر 28)

انچارج ٹریفک اڈیالہ سیکٹر کی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف کارروائی

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے احکامات پر انچارج ٹریفک اڈیالہ سیکٹر کی اپنی ٹیم کے ہمراہ پبلک سروس گاڑیوں کیخلاف بھر (بقیہ نمبر 30)

قیام پاکستان برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک نعمت سے کم نہیں، محسن فضل

راولپنڈی (این این آئی) جشن آزادی کی 75 سالہ ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے سلسلے میں چودہ اگست کو ٹی ڈی سی پی ریزوٹ کلر کہار نے بھرپور انداز سے یوم آزادی منایا۔ اس موقع پر ٹیبلوز، ملی نغموں اور (بقیہ نمبر 31)

ممنوعہ فنڈنگ کیس ایف آئی اے کا تحقیقات بیرون ملک بڑھانے کا فیصلہ

امریکی ایف بی آئی سمیت برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی اور دیگر ممالک کے ایسے اداروں سے مدد کیلئے رجوع کیا جارہا ہے

تحقیقات ابھی ریکارڈ اور اکاؤنٹس اکھٹے کر کے معلومات کو یکجا کرنے کے مرحلے میں ہیں جنہیں یکسو کر کے آگے بڑھایا جارہا ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس کی تحقیقات کا دائرہ کار بیرون ممالک تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت کی ہدایت پر پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس کی تحقیقات کرنیوالی ایف آئی اے کی ٹیم نے کیس کی تحقیقات کا دائرہ بیرون ملک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف آئی اے نے امریکا اور برطانیہ سمیت دیگر ممالک (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر 54 بھکاریوں کو گرفتار کرلیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، 54 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہوکر (بقیہ نمبر 44)

سعودی کابینہ کے اجلاس میں شہباز شریف کے ٹیلیفونک رابطے کا تذکرہ

جدہ (این این آئی) جدہ کے قصر السلام میں شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی زیر صدارت سعودی کابینہ کے اجلاس میں سعودی ولی عہد سے وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کے ٹیلیفونک رابطے کا تذکرہ کیا گیا۔ مقامی میڈیا کے مطابق سعودی کابینہ نے سعودی وژن 2030 کے اہداف حاصل کرنے میں مختلف اداروں کی تعریف کی۔ سعودی کابینہ کے اجلاس میں خطے کے حالات، امن وتحفظ اور (بقیہ نمبر 50)

سرگودھا میں شہری نے پکار 15 پر جھوٹی اطلاع دیکر پولیس کی دوڑیں لگوادیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں شہری نے پکار 15 پر جھوٹی اطلاع دے کر پولیس کی دوڑیں لگوا دیں جبکہ ایک نوجوان موٹر سائیکل پر جعلی نمبر پلیٹ لگا کر گھومتا رہا پولیس نے دونوں واقعات میں شہریوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لئے۔ سرگودھا شہر کے علاقہ اربن ایریا سے شہری نے پکار 15 پر جھوٹی کال کر کے پولیس کی دوڑیں لگوا دیں جس پر (بقیہ نمبر 51)

بابو ٹی ایم ٹانک نے واسا کو صفائی کے نام پر لاکھوں کا چونا لگا دیا

صبح سے جاری بارش نے ٹی ایم اے کی کارکردگی کا بھانڈا پھوڑ دیا

ٹانک (سائرہ بانو) سکیل 11 واسا کا بابو ٹی ایم او ٹانک نے ایک بار پھر صفائی کے نام لاکھوں روپے کو چونا لگا دیا مین سیوریج لان اور نکاسی اب کے نالوں کی صفائی نہ ہونے کیوجہ سے محلہ محسودان تحصیل بلڈنگ محکمہ تعمیرات اور کینٹ ایریا میں واقع مختلف دفاتر میں پانی داخل ہوگیا تفصیلات کے مطابق صبح سے جاری بارش نے ٹی ایم اے کی کارکردگی کا بھانڈا پھوڑ دیا ہفتہ صفائی مہم کے نام پر شہر میں چند مخصوص مقامات پڑے گندگی کے ڈھیر ٹھکانے لگا کر مین سیوریج لان محلہ محسودان پبلک پارک اور پریس کلب کے ساتھ نکاسی اب کے نالے میں صفائی نہ کر کے سات لاکھ روپے ہڑپ کر کے فوٹو سیشن کے زریعے وزیر اعلیٰ کو سب (بقیہ نمبر 45)

وفاقی حکومت ملک میں بدترین مہنگائی کی ذمہ دار ہے

17 جولائی کے ضمنی انتخابات میں پنجاب کی عوام نے پاکستان تحریک انصاف کا بھرپور ساتھ دیا' ڈاکٹر یاسمین راشد

پشاور' گورنمنٹ سی گرلز کالج گلبہار میں جشن آزادی سپورٹس فیسٹیول کی فاتح کو مہمان خصوصی ٹرافی دے رہی ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت اور صدر پاکستان تحریک انصاف سنٹرل پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد کی زیر صدارت 11 اور 25 ستمبر کے ضمنی انتخابات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں کرنل (ر) اعجاز حسین منہاس، عندلیب عباس، طارق ثناء باجوہ، طارق حمید، نوشین حامد، رخسانہ نوید، وسیم رامے، ڈاکٹر عظیم الدین زاہد، شفیلہ علی، آمنہ جنجوعہ، رکن پنجاب اسمبلی عثمان اکرم ودیگر قیادت نے شرکت کی۔ مرکزی سیکرٹری (بقیہ نمبر 52)

پنجاب حکومت نے 7 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 7 افسران کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری کر دیئے، کمشنر لاہور ڈویژن کیپٹن (ر) عثمان کو پنجاب سے ریلیو کر دیا گیا جبکہ ڈپٹی کمشنر لاہور عمر شیر چٹھہ کو بھی تبدیل کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر لاہور عمر شیر چٹھہ کو تبدیل کر کے محمد علی کو اس عہدے پر تعینات کر دیا گیا

پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر تقرر وتبادلوں کا امکان

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر تقرر وتبادلوں کا امکان ہے، 5 ڈی آئی جیز اور متعدد ڈی پی اوز کے تقرر وتبادلے متوقع ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جیز کی تعیناتیوں کی سمری حکومت کو بھجوا دی ہے جبکہ (بقیہ نمبر 53)

ایف آئی اے سندھ میں تبادلے اور تقرریاں کردی گئیں، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقات ادارے (ایف آئی اے) سندھ میں تبادلے اور تقرریاں کردی گئی ہیں۔ ایف آئی اے میں تبادلے اور تقرریوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل رابعہ قریشی کا تبادلہ اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سیل میں کیا گیا ہے۔

ناہل نالائق جعلی وفاقی حکومت اپنی آخری سانسیں لے رہی ہے' نوید شریف

شہباز حکومت کے پاکستانی قوم پر مہنگائی کے تابڑ توڑ حملے کسی صورت برداشت نہیں کرینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما نوید شریف نے کہا ہے کہ نااہل نالائق جعلی وفاقی حکومت اپنی آخری سانسیں لے رہی ہے، پاکستان کے 22 کروڑ عوام پر مسلط کردہ امپورٹڈ حکومت نے لوگوں کی زندگیاں اجیرن بنا رکھی ہیں، نااہل شہباز حکومت کے پاکستانی قوم پر مہنگائی کے تابڑ توڑ حملے کسی صورت برداشت نہیں کریں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام عمران خان کے بیانیہ کے ساتھ ہیں اور چیئرمین (بقیہ نمبر 46)

دور افتادہ پینگ ببر ملاخیل میں کھلی کچہری کا انعقاد

مسائل حل کرنے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، اسسٹنٹ کمشنر اللہ نور

ٹانک (سائرہ بانو) صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ ٹانک کے زیر اہتمام دور افتادہ علاقہ پینگ ببر ملاخیل میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں علاقہ عمائدین سیاسی نمائندہ گان سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر ٹرائبل سب ڈویژن اللہ نور نے کی ہم عوام نے روڈز، پینے کا پانی، بجلی، جانوروں کی ویکسینیشن، ہیلتھ اور دیگر مسائل پیش کئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اللہ نور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دور افتادہ علاقہ میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے گھروں کی دہلیز پر حل کرنا ہے تاکہ ایک عام شہری کے بنیادی مسائل حل ہوسکیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں اسی طرح کی کھلی کچہریوں کے انعقاد کو (بقیہ نمبر 47)

گلیشیر پگھلنے کی وجہ سے سیلاب کے خطرات بڑھ گئے ہیں

رواں سال بلوچستان میں معمول سے 605 فیصد اور سندھ میں 525 فیصد سے زیادہ بارشیں ہوئیں

ہمیں موسمیاتی تبدیلی کی شدت اور اثرات کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرنے کی ضرورت ہے، سینیٹر شیری رحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ گلوبل وارمنگ ایک حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا، گلیشیر پگھلنے کی وجہ سے سیلاب کے خطرات بڑھ گئے ہیں، پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں صف اول میں ہے، رواں سال بلوچستان میں معمول سے 605 فیصد اور سندھ میں 525 فیصد سے زیادہ بارشیں ہوئیں، ہمیں موسمیاتی تبدیلی کی شدت اور اثرات کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ بدھ کو یہاں بزنس سمٹ 2022 میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ گلوبل وارمنگ ایک حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا، پاکستان کا شمار ماحولیاتی تبدیلی سے متاثر ہونیوالے (بقیہ نمبر 48)

لاہور میں شوہر کے مبینہ تشدد سے بیوی جاں بحق

رابعہ دوران علاج دم توڑ گئی، شوہر فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے نواحی علاقہ مانگا منڈی میں شوہر کے مبینہ تشدد سے بیوی زندگی کی بازی ہار گئی۔ بتایا گیا ہے کہ مانگا منڈی کی رہائشی 5 بچوں کی ماں رابعہ اور اس کے شوہر بابر کے درمیان غربت اور دیگر معاملات کی وجہ سے اکثر ناچاقی رہتی تھی، اکثر اوقات جھگڑا بڑھ کر تشدد کی شکل اختیار کر لیتا تھا۔ اتوار کے روز بابر اپنی بیوی کو زخمی حالت میں جناح ہسپتال لایا جہاں اس کا علاج معالجہ شروع کیا گیا مگر وہ دوران علاج دم توڑ گئی۔

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف موثر کریک ڈاؤن

07 ملزمان گرفتار، 06 کلو کے قریب چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف موثر کریک ڈاؤن، 07 ملزمان گرفتار، 06 کلو کے قریب چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم سیف کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد ہوئی، صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم عامر کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 کلو 250 گرام چرس برآمد کی، صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم بادشاہ کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، کلر سیداں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم اسرار کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد ہوئی، مورگاہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم عاطف کو گرفتار کر کے ملزم سے 230 گرام چرس برآمد کرلی، روات پولیس نے کاروائی کرتے (بقیہ نمبر 49)

سیالکوٹ، دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب

سیالکوٹ (اے ایف بی): دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹر (ڈی ای او سی) سیالکوٹ کے مطابق دریائے چناب میں سیلابی پانی کا بہاؤ ایک لاکھ 3 ہزار 409 کیوسک ہے۔ دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ سیالکوٹ کے مقام پر سیلابی پانی کی مجموعی گنجائش 11 لاکھ کیوسک ہے۔ سیالکوٹ میں کنگرہ کے مقام پر نالہ ڈیک میں سیلابی پانی کی سطح 2255 کیوسک ہے اور پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے،

نارووال پولیس نے بینک ڈکیتی کے ملزمان کو گرفتار کر کے لوٹے گئے 90 لاکھ برآمد کر لئے

نارووال (این این آئی) نارووال پولیس نے بینک ڈکیتی کے ملزمان کو گرفتار کر کے لوٹے گئے 90 لاکھ برآمد کر لیے۔ ڈی پی او نارووال انور سعید کے مطابق ڈاکو منگل کے روز بینک کی کیش وین سے 90 لاکھ روپے چھین کر فرار ہوگئے تھے۔ آر پی او گوجرانولہ نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے فوری ٹیمیں تشکیل دینے اور ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت کی تھی۔ واقعہ میں ملوث دو ڈاکوؤں نے مزاحمت کرنے پر وین کے دو سکیورٹی گارڈز کو فائرنگ کر کے زخمی کیا اور فرار ہو گئے۔ ڈی پی او نارووال (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں

گندم اور آٹے سے لدی 07 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں، گندم اور آٹے سے لدی 07 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 07 ڈرائیوروں کو گرفتار کر کے 1078 تھیلے آٹا اور 1260 تھیلے گندم برآمد۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائیاں کرتے ہوئے گندم اور آٹے سے لدی 07 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، نصیر آباد پولیس نے 06 ڈرائیوروں یونس، سعید، عاصم، شیر اللہ، ہاشم اور زاہد اللہ کو گرفتار کر کے 1078 تھیلے آٹا اور 560 تھیلے گندم برآمد کی، ٹیکسلا (بقیہ نمبر 42)

علی زیدی نے بھی شہباز گل کے بیان کو غلط قرار دیدیا

شہباز گل نے غلط بات کی، آصف زرداری اور نواز شریف نے بھی بیانات دیئے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے بعد پی ٹی آئی سندھ کے صدر علی زیدی نے بھی شہباز گل کے بیان کو غلط قرار دیدیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی زیدی نے کہا کہ شہباز گل نے غلط بات کی تاہم آصف زرداری اور نواز شریف نے بھی بیانات دیے، ان کو کیوں جیلوں میں نہیں ڈالا جا رہا؟ قانون سب کے لیے برابر ہونا چاہیے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز عمران خان نے اعتراف کرتے ہوئے کہا تھا کہ شہباز گل کے بیان سے فوج کو اکسانے کا ایسا تاثر گیا، شہباز گل نے فوج سے متعلق غلط لائن بولی، ایسا نہیں کہنا چاہیے تھا۔

راولپنڈی' موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار

ملزمان سے چوری شدہ 04 موٹر سائیکلز برآمد ہوئے' ایس ایچ او رانا عبدالوہاب

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صدر واہ پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، چوری شدہ 04 موٹر سائیکلز برآمد۔ صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان رضوان اور یاسین کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے چوری شدہ 04 موٹر سائیکلز برآمد ہوئے، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

راولپنڈی' موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان صدر واہ پولیس کی حراست میں

شہباز گل نے اگر کچھ غلط کیا ہے تو اسکے لئے قانون موجود ہے، عثمان ڈار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عثمان ڈار نے کہا ہے کہ شہباز گل نے اگر کچھ غلط کیا ہے تو اسکے لئے قانون موجود ہے۔ شہباز گل سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نین کہا کہ شہباز گل نے اگر کچھ غلط کیا ہے تو اسکے لئے قانون موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز گل پر تشدد کیا گیا اور دوبارہ ریمانڈ لے کر تشدد کرنا چاہتے ہیں۔

ضروری مرمت کے باعث 18 اگست کو عارضی بجلی بند رہے گی، آئیسکو ترجمان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 18 (بقیہ نمبر 41)

جموں: مسلم خاندان کے 6 افراد پراسرار طور پر گھر میں مردہ پائے گئے

جموں (اے ایف بی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ایک مسلم خاندان کے 6 افراد جموں ضلع میں پراسرار طور پر مردہ پائے گئے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق 3 خواتین سمیت 6 افراد ضلع کے علاقے سدرہ میں اپنے گھر میں مردہ پائے گئے ہیں۔

محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب 1 ہزار ملین پودے لگائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب حکومت نے کلین اینڈ گرین پروگرام کے تحت محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب کو فیصل آباد سمیت صوبے بھر میں 1 ہزار ملین پودے لگانے کا ٹاسک سونپ دیا ہے اور اس مقصد کے لئے 31 اگست تک کی ڈیڈ لائن دے دی ہے۔

پنجاب حکومت کا 16 ہزار ایجوکیٹرز کی فوری بھرتی کا اعلان

16 ہزار ایجوکیٹرز کی بھرتی کے لئے سمری منظوری کے بعد ارسال کردی گئی ہے' وزیر تعلیم

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے 16 ہزار ایجوکیٹرز کی فوری بھرتی کا اعلان کردیا گیا۔ وزیر تعلیم پنجاب ڈاکٹر مراد راس نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بتایا کہ پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹ